روحانی خزائن

تصنیفات

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

۱۶

ISLAM INTERNATIONAL PUBLICATIONS LTD

روحانی خزائن

مجموعہ کتب حضرت مرزا غلام احمد قادیانی
مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام
(جلد شانزدہم)

Ruhaani Khazaa'in

(Volume 16)

Collection of the books of Hazrat Mirza Ghulam Ahmad of Qadian,
The Promised Messiah and Mahdi (1835-1908), peace be upon him.
Volumes 1-23

© Islam International Publications Ltd.

First Published in Rabwah, Pakistan in the 1960s
Reprinted in the UK in 1984
Reprinted in 1989
Second edition (with computerized typesetting) published in 2008
Reprinted in the UK in 2009
Published in Qadian, India in 2008 (Vol. 1-10)
Present edition published in the UK in 2021

Published by:
Islam International Publications Ltd
Unit 3, Bourne Mill Business Park,
Guildford Road, Farnham, Surrey, GU9 9PS UK

Printed in Turkey at:
Levent Offset

ISBN: 978-1-84880-134-9 (Set Vol. 1-23)
10 9 8 7 6 5 4 3 2 1

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب
کے مطالعہ کے متعلق

حضرت امیر المومنین خلیفة المسیح الخامس
ایّدہ اللّٰہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

کا

احباب جماعت کے نام

پیغام

روحانی خزائن کے کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن ۲۰۰۸ء
کی اشاعت کے موقع پر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم
وعلی عبدہ المسیح الموعود
خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ
ھوالناصر

لندن
10-8-2008

پیغام

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار

اللہ تعالیٰ نے وَاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ کے مصداق حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس زمانے کے امام اور مہدی کے طور پر مبعوث فرمایا کہ تا اس کی توحید کا دنیا میں بول بالا ہو اور ہمارے پیارے نبی اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سچائی اور قرآن کریم کی صداقت دنیا پر روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جائے۔

قرآن کریم اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات مبارکہ سے یہ واضح ہوتا ہے کہ یہی وہ زمانہ تھا کہ جب اسلام کی اشاعت اور تبلیغ ساری دنیا کے کناروں تک پہنچانے کے سامان اس خدائے قادر مطلق نے پہلے سے مقرر کر رکھے تھے۔ اسی لئے اس زمانے میں سائنسی ایجادات اتنی تیزی اور کثرت سے ہوئی ہیں کہ انسانی عقل وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَالَهَا کے مصداق حیران ہو جاتی ہے۔ یہی وہ زمانہ ہے کہ جس کے بارے میں وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ کی پیشگوئی فرما کر یہ بتلا دیا کہ اس زمانے میں ایسی ایسی ایجادات ہوں گی کہ کتابوں اور رسالوں کی نشر و اشاعت عام ہو جائے گی۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

''اور نشر صحف سے اس کے وسائل یعنی پریس وغیرہ کی طرف اشارہ ہے جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو کہ اللہ نے ایسی قوم کو پیدا کیا جس نے آلات طبع ایجاد کئے۔ دیکھو کس قدر

پریس ہیں جو ہندوستان اور دوسرے ملکوں میں پائے جاتے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فعل ہے تا وہ ہمارے کام میں ہماری مدد کرے اور ہمارے دین اور ہماری کتابوں کو پھیلائے اور ہمارے معارف کو ہر قوم تک پہنچائے تا وہ ان کی طرف کان دھریں اور ہدایت پائیں''۔ (آئینہ کمالات اسلام، روحانی خزائن جلد ۵ صفحہ ۴۷۳)

ایک اور کتاب میں آپؑ فرماتے ہیں:

''کامل اشاعت اس پر موقوف تھی کہ تمام ممالک مختلفہ یعنی ایشیا اور یورپ اور افریقہ اور امریکہ اور آبادیٔ دنیا کے انتہائی گوشوں تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ہی تبلیغ قرآن ہو جاتی اور یہ اس وقت غیر ممکن تھا بلکہ اس وقت تک تو دنیا کی کئی آبادیوں کا ابھی پتا بھی نہیں لگا تھا اور دور دراز سفروں کے ذرائع ایسے مشکل تھے کہ گویا معدوم تھے.....ایسا ہی آیت وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ اس بات کو ظاہر کر رہی تھی کہ گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات اور ہدایت کا ذخیرہ کامل ہو گیا مگر ابھی اشاعت ناقص ہے اور اس آیت میں جو مِنْھُمْ کا لفظ ہے وہ ظاہر کر رہا تھا کہ **ایک شخص اس زمانہ میں جو تکمیل اشاعت کے لئے موزوں ہے مبعوث ہوگا** جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے رنگ میں ہوگا.....اس لئے خدا تعالیٰ نے تکمیل اشاعت کو ایک ایسے زمانہ پر ملتوی کر دیا جس میں قوموں کے باہم تعلقات پیدا ہو گئے اور برّی اور بحری مرکب ایسے نکل آئے جن سے بڑھ کر سہولت سواری کی ممکن نہیں۔ اور کثرت مطابع نے تالیفات کو ایک شیرینی کی طرح بنا دیا جو دنیا کے تمام مجمع میں تقسیم ہو سکے۔ سو اس وقت حسب منطوق آیت وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ اور حسب منطوق آیت قُلْ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسرے بعث کی ضرورت ہوئی اور ان تمام خادموں نے جو ریل اور تار اور اگن بوٹ اور

مطابع اور احسن انتظام ڈاک اور باہمی زبانوں کا علم اور خاص کر ملک ہند میں اردو نے جو ہندوؤں اور مسلمانوں میں ایک زبان مشترک ہوگئی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بزبان حال درخواست کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم تمام خدام حاضر ہیں اور فرض اشاعت پورا کرنے کے لئے بدل وجان سرگرم ہیں۔آپ تشریف لائیے اور اس اپنے فرض کو پورا کیجئے کیونکہ آپ کا دعویٰ ہے کہ میں تمام کافہ ناس کے لئے آیا ہوں اور اب یہ وہ وقت ہے کہ آپ ان تمام قوموں کو جو زمین پر رہتی ہیں قرآنی تبلیغ کر سکتے ہیں اور اشاعت کو کمال تک پہنچا سکتے ہیں اور اتمام حجّت کے لئے تمام لوگوں میں دلائل حقانیت قرآن پھیلا سکتے ہیں تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روحانیت نے جواب دیا کہ دیکھو میں بروز کے طور پر آتا ہوں۔مگر میں ملک ہند میں آؤں گا۔کیونکہ جوش مذاہب واجتماع جمیع ادیان اور مقابلہ جمیع ملل ونحل اور امن اور آزادی اسی جگہ ہے''۔

(تحفہ گولڑویہ، روحانی خزائن جلد ۱۷ صفحہ ۲۶۰-۲۶۳)

سو اس زمانے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام ساری دنیا تک پہنچانے اور اسلام کی سچائی کو ساری دنیا پر ثابت کرنے اور خدائے واحد ویگانہ کی توحید کا پرچار کرنے کے لئے اسلام کا یہ بطل جلیل، جری اللہ، سیف کا کام قلم سے لیتے ہوئے قلمی اسلحہ پہن کر سائنس اور علمی ترقی کے میدان کارزار میں اترا اور اسلام کی روحانی شجاعت اور باطنی قوت کا ایسا کرشمہ دکھایا کہ ہر مخالف کے پرخچے اڑا دیے اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام کا پرچم پھر سے ایسا بلند کیا کہ آج بھی اس کے پھریرے آسمان کی رفعتوں پر بلند سے بلند تر ہو رہے ہیں اور ساری دنیا پر اسلام کا یہ پیغام حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تحریرات کے ذریعہ پھیل رہا ہے اور پھیلتا رہے گا۔ مسیح محمدی کی زندگی بخش تحریرات کی ہی یہ برکت ہے کہ ایک جہان روحانی اور جسمانی احیاء کی نوید سے مستفیض ہو رہا ہے اور صدیوں کے مردے ایک دفعہ پھر زندہ ہو رہے ہیں اور ایسا کیوں

نہ ہوتا کہ اسلام کی گزشتہ تیرہ صدیوں میں صرف آپ کا ہی کلام ایسا تھا جسے کبھی خدائے بزرگ و برتر کی طرف سے ''مضمون بالا رہا'' کی سند نصیب ہوئی تو کبھی الہاماً یہ نوید عطا ہوئی کہ:

''درکلامِ تو چیزے است کہ شعراء را دراں دخلے نیست۔ کَلَامٌ اُفْصِحَتْ مِنْ لَّدُنْ رَبٍّ کَرِیْمٍ''۔ (کاپی الہامات حضرت مسیح موعود علیہ السلام صفحہ ۶۲۔ تذکرہ صفحہ ۵۰۸)

ترجمہ: ''تیرے کلام میں ایک چیز ہے جس میں شاعروں کو دخل نہیں ہے۔ تیرا کلام خدا کی طرف سے فصیح کیا گیا ہے۔'' (حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۱۰۶)

چنانچہ ایسی ہی عظیم الٰہی تائیدات سے طاقت پا کر آپ فرماتے ہیں:

''میں بڑے دعویٰ اور استقلال سے کہتا ہوں کہ میں سچ پر ہوں اور خدا تعالیٰ کے فضل سے اس میدان میں میری ہی فتح ہے۔ اور جہاں تک میں دوربین نظر سے کام لیتا ہوں تمام دنیا اپنی سچائی کے تحت اقدام دیکھتا ہوں اور قریب ہے کہ میں ایک عظیم الشان فتح پاؤں کیونکہ میری زبان کی تائید میں ایک اور زبان بول رہی ہے اور میرے ہاتھ کی تقویت کے لئے ایک اور ہاتھ چل رہا ہے جس کو دنیا نہیں دیکھتی مگر میں دیکھ رہا ہوں۔ میرے اندر ایک آسمانی روح بول رہی ہے جو میرے لفظ لفظ اور حرف حرف کو زندگی بخشتی ہے''۔ (ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۴۰۳)

ایک اور جگہ آپ فرماتے ہیں:

''میں خاص طور پر خدا تعالیٰ کی اعجاز نمائی کو انشاء پردازی کے وقت بھی اپنی نسبت دیکھتا ہوں کیونکہ جب میں عربی یا اردو میں کوئی عبارت لکھتا ہوں تو میں محسوس کرتا ہوں کہ کوئی اندر سے مجھے تعلیم دے رہا ہے''۔ (نزول المسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۴۳۴)

پس یہ آپ کی دلی خواہش تھی کہ وہ آب حیات جو آپ کے مبارک قلم سے آپ کی کتابوں کی شکل میں دنیا کی روحانی اور علمی پیاس بجھانے کے لئے نکلا ہے اس سے سارا عالم فیضیاب ہو۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں:

''میں سچ سچ کہتا ہوں کہ مسیح کے ہاتھ سے زندہ ہونے والے مر گئے مگر جو شخص میرے ہاتھ سے جام پئے گا جو مجھے دیا گیا ہے وہ ہرگز نہیں مرے گا۔ وہ زندگی بخش باتیں جو میں کہتا ہوں اور وہ حکمت جو میرے منہ سے نکلتی ہے اگر کوئی اور بھی اس کی مانند کہہ سکتا ہے تو سمجھو کہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے نہیں آیا۔ لیکن اگر یہ حکمت اور معرفت جو مردہ دلوں کے لئے آب حیات کا حکم رکھتی ہے دوسری جگہ سے نہیں مل سکتی تو تمہارے پاس اس جرم کا کوئی عذر نہیں کہ تم نے اس سرچشمہ سے انکار کیا جو آسمان پر کھولا گیا زمین پر اس کو کوئی بند نہیں کر سکتا''۔ (ازالہ اوہام، روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۱۰۴)

عزیزو! یہی وہ چشمۂ رواں ہے کہ جو اس سے پئے گا وہ ہمیشہ کی زندگی پائے گا اور ہمارے سید و مولا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی **یفیض المال حتی لا یقبلہ احد** (ابن ماجہ) کے مطابق یہی وہ مہدی ہے جس نے حقائق و معارف کے ایسے خزانے لٹائے ہیں کہ انہیں پانے والا کبھی ناداری اور بے کسی کا منہ نہ دیکھے گا۔ یہی وہ روحانی خزائن ہیں جن کی بدولت خدا جیسے قیمتی خزانے پر اطلاع ملتی ہے اور اس کا عرفان نصیب ہوتا ہے۔ ہر قسم کی علمی اور اخلاقی، روحانی اور جسمانی شفا اور ترقی کا زینہ آپ کی یہی تحریرات ہیں۔ اس خزانے سے منہ موڑنے والا دین و دنیا، دونوں جہانوں سے محروم اٹھنے والا قرار پاتا ہے اور خدا کی بارگاہ میں متکبر شمار کیا جاتا ہے، جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

''جو شخص ہماری کتابوں کو کم از کم تین دفعہ نہیں پڑھتا۔ اس میں ایک قسم کا کبر پایا جاتا ہے''۔

(سیرت المہدی جلد اول حصہ دوم صفحہ ۳۶۵)

اسی طرح آپؑ نے فرمایا کہ:

''وہ جو خدا کے مامور اور مرسل کی باتوں کو غور سے نہیں سنتا اور اس کی تحریروں کو غور سے

نہیں پڑھتا اس نے بھی تکبر سے حصہ لیا ہے۔ سو کوشش کرو کہ کوئی حصہ تکبر کا تم میں نہ ہو تا کہ ہلاک نہ ہو جاؤ اور تا تم اپنے اہل وعیال سمیت نجات پاؤ''۔

(نزول المسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۴۰۳)

پھر آپ نے ایک جگہ یہ بھی تحریر فرمایا کہ:

''سب دوستوں کے واسطے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم از کم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں، کیونکہ علم ایک طاقت ہے اور طاقت سے شجاعت پیدا ہوتی ہے''۔

(ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۳۶۱)

یہ ہماری خوش نصیبی ہے کہ ہمیں اس امام مہدی اور مسیح محمدی کو ماننے کی توفیق ملی اور ان روحانی خزائن کا ہمیں وارث ٹھہرایا گیا۔ اس لئے ہمیں چاہیے کہ ہم ان بابرکت تحریروں کا مطالعہ کریں تا کہ ہمارے دل اور ہمارے سینے اور ہمارے ذہن اس روشنی سے منور ہو جائیں کہ جس کے سامنے دجال کی تمام تاریکیاں کافور ہو جائیں گی۔ اللہ کرے کہ ہم اپنی اور اپنی نسلوں کی زندگیاں ان بابرکت تحریرات کے ذریعہ سنوار سکیں اور اپنے دلوں اور اپنے گھروں اور اپنے معاشرہ میں امن وسلامتی کے دئے جلانے والے بن سکیں اور خدا اور اس کے رسول کی محبت اس طرح ہمارے دلوں میں موجزن ہو کہ اس کے طفیل ہم کل عالم میں بنی نوع انسان کی محبت اور ہمدردی کی شمعیں فروزاں کرتے چلے جائیں۔ اللہ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

خلیفة المسیح الخامس

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض ناشر

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خصوصی ہدایات اور راہنمائی میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی جملہ تصانیف کا سیٹ ''روحانی خزائن'' پہلی بار کمپیوٹرائزڈ شکل میں پیش کیا جارہا ہے۔اس سیٹ کی خصوصیات حسب ذیل ہیں۔

۱۔حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے تاکیدی ارشاد کی تعمیل میں ہر کتاب فسٹ ایڈیشن کے عین مطابق رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی زندگی میں ایک سے زائد ایڈیشن چھپے ہیں تو آخری ایڈیشن کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔

۲۔پورے سیٹ میں یہ التزام کیا گیا ہے کہ صفحہ کی سائیڈ پر ایڈیشن اوّل کا صفحہ نمبر دیا گیا ہے۔

۳۔ایڈیشن اوّل میں اگر سہو کتابت واقع ہوا ہے تو متن میں اس لفظ کو اسی طرح کمپوز کیا گیا ہے۔البتہ حاشیہ میں یہ نوٹ دیا گیا ہے کہ متن میں سہو کتابت معلوم ہوتا ہے اور غالباً صحیح لفظ یوں ہے۔

۴۔یہ ایڈیشن روحانی خزائن کے سابقہ ایڈیشن کے صفحات کے عین مطابق ہے تاکہ جماعتی لٹریچر میں گزشتہ نصف صدی سے آنے والے حوالہ جات کی تلاش میں سہولت رہے۔

۵۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے اس سیٹ میں مندرجہ ذیل اضافے کئے گئے ہیں۔

(ا) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک مضمون جو آپ نے منشی گردیال صاحب مدرس مڈل اسکول چنیوٹ کے استفسار کے جواب میں تحریر فرمایا تھا اور روحانی خزائن میں شامل نہیں ہوسکا تھا۔ اسے روحانی خزائن کے نئے ایڈیشن میں جلد نمبر۲ میں شامل اشاعت کردیا گیا ہے۔

(ب) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک اہم مضمون ''**ایک عیسائی کے تین سوال اور ان کے جوابات**'' جو پہلے ''تصدیق النبی'' کے نام سے سلسلہ کے لٹریچر میں موجود ہے اسے روحانی خزائن جلد نمبر۴ کے آخر میں شامل اشاعت کرلیا گیا ہے۔

(ج) روحانی خزائن جلد۴ میں الحق مباحثہ دہلی کے عنوان سے ایک کتاب شامل ہے۔اس کے صفحہ ۲۲۱ پر مراسلت نمبرا مابین مولوی محمد بشیر صاحب اور مولوی سید محمد احسن صاحب ہے۔اس کے بعد مراسلت نمبر۲ مابین منشی بوبہ صاحب و منشی محمد اسحاق و مولوی سید محمد احسن صاحب کسی وجہ سے روحانی خزائن میں شامل ہونے سے رہ گئی ہے۔اسے روحانی خزائن جلد نمبر۴ کے نئے ایڈیشن میں شامل کرلیا گیا ہے۔

ہونے سے رہ گئی ہے۔اسے روحانی خزائن جلد نمبر۴ کے نئے ایڈیشن میں شامل کرلیا گیا ہے۔

(د) روحانی خزائن جلد نمبر۵ آئینہ کمالات اسلام کے آخر میں "التبلیغ" کے نام سے جو عربی خط شامل ہے اس کے آخر میں عربی قصیدہ درج ہے۔ایڈیشن اول میں اس قصیدہ کے بعد ایک عربی نظم شائع شدہ ہے جو کسی وجہ سے روحانی خزائن جلد۵ میں شامل نہیں ہوسکی تھی۔نئے ایڈیشن میں یہ نظم شامل کردی گئی ہے۔

(ہ) جلسہ اعظم مذاہب ۱۸۹۶ء کیلئے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا تحریر فرمودہ بے مثال مضمون جو ''اسلامی اصول کی فلاسفی'' کے نام سے اردو اور دوسری زبانوں میں چھپ چکا ہے اس کے اصل مسودہ کے کچھ صفحات کسی وجہ سے شامل اشاعت نہیں ہو سکے تھے انہیں اصل مسودہ سے جو خلافت لائبریری میں موجود ہے نقل کر کے جلد نمبر۱۰ میں شامل کیا گیا ہے۔

(و) ریویو آف ریلیجنز اردو کا پہلا شمارہ ۹؍جنوری ۱۹۰۲ء کو شائع ہوا۔اس میں صفحہ ۹ تا ۳۴ پر مشتمل ''گناہ کی غلامی سے رہائی پانے کی تدابیر کیا ہیں؟'' کے عنوان سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ایک بصیرت افروز مضمون شائع ہوا تھا۔اس مضمون کو روحانی خزائن جلد نمبر ۱۸ کے آخر میں کتاب نزول المسیح کے بعد شامل کیا جارہا ہے۔

(ز) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے دست مبارک سے لکھا ہوا ''عصمت انبیاء'' کے عنوان سے ایک اور مضمون بھی ریویو آف ریلیجنز اردو مئی ۱۹۰۲ء صفحہ ۱۷۵ تا ۲۰۹ میں شائع ہوا تھا۔یہ مضمون اب تک کتابی شکل میں شائع نہیں ہوا۔اسے بھی روحانی خزائن جلد ۱۸ کے آخر میں شامل اشاعت کیا جارہا ہے۔

والسلام

سید عبدالحی

ناظر اشاعت

اکتوبر ۲۰۰۸ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

اللہ تعالیٰ کے فرستادہ حضرت مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام نے اپنی ساری زندگی اشاعت و تبلیغِ اسلام کے جہاد میں صَرف کی اور اس مقصد کے لئے آپ نے نہ صرف کثیر تعداد میں کتب تصنیف فرمائیں بلکہ اشتہارات و تقاریر کے ذریعہ بھی خدمت اسلام کے اس فریضہ کا حق ادا فرمایا۔ حضور علیہ السلام کی جملہ تصانیف کو روحانی خزائن کی تئیس جلدوں کے سیٹ میں طبع کیا جاچکا ہے۔ اسی طرح آپؑ کے پُر معارف کلمات و تقاریر و مجالس علم و عرفان کو ملفوظات کی دس جلدوں میں، جبکہ آپؑ کے تحریر فرمودہ اشتہارات کو مجموعہ اشتہارات کے عنوان سے تین جلدوں میں تیار کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات کی روشنی میں علوم و فیوض روحانی سے لبریز اس لٹریچر (روحانی خزائن، ملفوظات اور مجموعہ اشتہارات) کے نئے ایڈیشن تیار کئے گئے ہیں جن کی اب سیدنا حضور اقدس کی منظوری سے یہاں انگلستان سے طباعت کی جارہی ہے تاکہ بیرون ممالک میں قائم جماعتوں کی بھی علمی و روحانی تشنگی دور ہو۔

حضرت اقدس مسیح موعود و مہدی معہود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جملہ تصانیف منیفہ جو روحانی خزائن کے نام سے ۲۳ جلدوں میں شائع شدہ ہیں، اس کے کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن میں بعض مقامات پر کتابت کے سہو اور اغلاط کی نشاندہی ہوئی تھی۔

امامنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس کے نئے ایڈیشن کی تیاری کا ارشاد فرماتے ہوئے بعض درج ذیل ہدایات سے نوازا:

> ”حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کی صحت کو قائم اور برقرار رکھنے کے لئے لازم ہے کہ ان کو اوّل ایڈیشن کے عین مطابق اور اسی حال میں برقرار رکھا جائے۔ اگر اوّل ایڈیشن میں کہیں سہوِ کتابت ہے تو اس کو بعینہٖ

قائم رکھا جائے۔ البتہ واضح سہو اور غلطی کی ناشر کی طرف سے حاشیہ میں وضاحت دی جائے۔ اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی حیات مبارکہ میں اس کے ایک سے زیادہ ایڈیشنز شائع ہوئے تھے تو آپ کی زندگی میں مطبوعہ آخری ایڈیشن کو پیشِ نظر رکھا جائے۔

غرضیکہ اوّل ایڈیشن سے تقابل کر کے اگر مابعد کسی سہو یا کتابت کی غلطی کی درستگی کی گئی ہے تو اسے نظر انداز کر کے اوّل ایڈیشن کے بالکل مطابق کر دیا جائے اور متن میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے۔"

اوّل ایڈیشن کے وقت اس زمانہ کی طرزِ کتابت کے مطابق "ے" اور "ی" کو اکثر و بیشتر "ی" لکھا گیا ہے۔ پہلے قارئین خود سمجھ جاتے تھے کہ فقرہ کی ترتیب کے لحاظ سے یہاں یائے معروف ہے یا یائے مجہول۔ لیکن اب اس تفریق کو سمجھنے میں قاری کو دقت اور مشکل درپیش ہوتی ہے۔ اس لئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ارشاد فرمایا ہے کہ فقرہ کی مناسبت سے یائے معروف اور یائے مجہول کو ظاہر کر دیا جائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ "روحانی خزائن کے پہلے ایڈیشن کے مطابق صفحات نمبر اور عبارات رکھی جائیں۔" چنانچہ اس ہدایت کی پابندی کی گئی ہے۔ اس لئے ناشر کی طرف سے اگر کوئی وضاحت ضروری سمجھی گئی تو اس کو بارڈر سے باہر رکھا گیا ہے۔

ایسے انگریزی الفاظ، اسماء وغیرہ جو اردو رسم الخط میں تحریر شدہ ہیں اور جن کو صحیح تلفظ سے پڑھنا مشکل ہے سہولت کی غرض سے ان کو انگریزی طرز میں بھی حاشیہ میں دے دیا گیا ہے۔

الحق مباحثہ دہلی کا ایک حصہ "مراسلت نمبر ۲" جو روحانی خزائن کی تدوین کے وقت دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے شامل نہ ہو سکا۔ کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن کے وقت یہ مراسلت مل گئی اور اسے جلد ۴ کے آخر پر صفحہ ۴۸۳ پر دے دیا گیا۔ اس ایڈیشن میں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر اسے الحق مباحثہ دہلی کے آخر پر مراسلت نمبر ا کے بعد شامل اشاعت کیا جا رہا ہے۔

محمود کی آمین تو جلد ۱۲ میں آچکی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے حضرت مرزا بشیر احمد صاحب، حضرت مرزا شریف احمد صاحب اور حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی آمین بھی لکھی تھی۔ یہ نظم ۱۹۰۱ء میں شائع ہوئی جو روحانی خزائن کی کسی جلد میں شامل نہیں۔

اب روحانی خزائن کی نظر ثانی کے دوران حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر اسے اپنے زمانی اعتبار سے روحانی خزائن جلد ۱۷ میں شامل کیا گیا ہے، مگر جلد کے آخر پر تا کہ صفحات کی ترتیب میں فرق نہ آئے۔

روحانی خزائن میں جو فارسی اشعار، عبارات اور رقوم بیان ہوئی ہیں ان کا ترجمہ اس ایڈیشن میں متن کے اختتام پر دے دیا گیا ہے تا کہ قارئین کو مفہوم سمجھنے میں سہولت ہو۔

یہاں انگلستان میں متعدد مرتبہ خاکسار نے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں حاضر ہو کر مختلف امور میں راہنمائی حاصل کرنے کی سعادت حاصل کی اور ان ہدایات کی تعمیل کروائی۔ فالحمدللہ علیٰ ذلک۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور خلفائے کرام نے بارہا ان بیش بہا علوم کو پڑھنے اور پھیلانے کی نصیحت فرمائی ہے۔ اللہ کرے کہ ہم سب ان سے کماحقہ فائدہ اٹھانے والے ہوں۔ آمین

خاکسار
منیر الدین شمس
ایڈیشنل وکیل التصنیف

فروری ۲۰۲۱ء

ترتیب

روحانی خزائن جلد۱۶

خطبة اِلهامِیّة ۱

لُجَّة النّور ۳۳۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

تعارف

(از حضرت مولانا جلال الدین صاحب شمس)

روحانی خزائن کی یہ سولہویں جلد ہے جو حضرت مسیح علیہ السلام کی دو عربی تصنیفات **خطبہ الھامیہ** اور **لجّۃ النّور** پر مشتمل ہے۔

خطبہ الہامیہ

عیدالاضحیٰ جو ۱۱/اپریل ۱۹۰۰ء مطابق ۱۰/ذوالحج ۱۳۱۷ھ کو ہوئی۔ اس روز عید کی نماز ادا کرنے کے بعد حضرت مسیح موعود علیہ السّلام نے نہایت فصیح و بلیغ عربی زبان میں ایک خطبہ ارشاد فرمایا جو **خطبہ الہامیہ** کے نام سے مشہور ہے اور وہ اس کتاب کا وہ حصہ ہے جو یَاعِبَادَ اللّٰہِ فَکِّرُوْا سے شروع ہوتا ہے اور وَسَوْفَ یُنَبِّئُھُمْ خَبِیْرٌ پر ختم ہوتا ہے۔ یہ خطبہ طبع بار اول کے صفحہ ۱ سے لے کر صفحہ ۳۸ پر اور اس طبع کے صفحہ ۳۱ سے لے کر صفحہ ۳۷ پر ختم ہوتا ہے اس کے بعد ''الباب الثانی'' شروع ہوتا ہے۔ اصل خطبہ میں جس کی وجہ سے ساری کتاب کا نام ''خطبہ الہامیہ'' رکھا گیا قربانی کی حکمت اور اس کا فلسفہ بیان کیا گیا ہے اور باقی چار ابواب میں جو آپ نے بعد میں رقم فرمائے اپنے دعویٰ پر روشنی ڈالی ہے اور قرآن مجید و احادیث سے اپنے دعویٰ کی صداقت اور تائید میں دلائل دیئے ہیں۔ اس میں ایک اشتہار چندہ منارۃ المسیح بزبان اُردو بطور ضمیمہ خطبہ الہامیہ شائع کیا گیا ہے جس میں حضرت اقدس نے منارۃ المسیح کے اغراض و مقاصد کا ذکر فرمایا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معراج کی دو قسمیں معراج مکانی اور معراج زمانی ذکر فرما کر معراج زمانی کے لحاظ سے ''مسیح موعود'' کی مسجد کو **مسجد اقصیٰ** قرار دیا ہے اور اس اشتہار کے آخر میں آپ نے ۲۸/مئی ۱۹۰۰ء تاریخ تحریر فرمائی ہے۔

اوراس سے پہلے طبع اوّل کے ٹائٹل پیـــج کے صفحہ۲ سے (ا ب ج صفحات اوراس طبع کے صفحہ۳ سے صفحہ۱۱ تک عربی زبان میں جو''اَلْاِعْـلَان'' شائع شدہ ہے اس کے نیچے ۲۵/اگست ۱۹۰۱ء تاریخ درج ہے اور حاشیہ متعلقہ خطبہ الہامیہ جو زیرعنوان''مـاالـفـرق بیـن اٰدم و الـمسیـح الـمـوعـود''اور''الـحـالـة الـموجودة تدعو المسیح الموعود و المهدی المعهود''جو کتاب کے آخر میں طبع اول کے صفحہ (سے صفحہ ش تک اوراس طبع کے صفحہ ۳۰۷ سے صفحہ ۳۳۴ تک درج ہے۔اس کے آخر میں ۱۷/اکتوبر ۱۹۰۲ء تاریخ لکھی ہے۔ان تاریخوں سے ظاہر ہے کہ اصل خطبہ کے علاوہ جو آپ نے ۱۱/اپریل ۱۹۰۰ء کو دیا تھا باقی چار ابواب اور دوسرے اشتہار اور حواشی آپ نے مئی ۱۹۰۰ء سے لے کر اکتوبر ۱۹۰۲ء تک کے درمیانی عرصہ میں کسی وقت تصنیف فرمائے اوراس کی اشاعت موجودہ مکمل کتاب کی صورت میں اکتوبر ۱۹۰۲ء کے بعد ہوئی۔

خطبہ الہامیہ ایک خدائی نشان ہے

عید الاضحیٰ ۱۱/اپریل ۱۹۰۰ء کی تقریب میں شمولیت کے لئے ۱۰/اپریل سے ہی مہمانوں کی آمد قادیان میں شروع ہوگئی تھی اور بٹالہ، امرتسر، لاہور، سیالکوٹ، جموں، پشاور، گجرات، جہلم، راولپنڈی، کپورتھلہ، پٹیالہ، سنور وغیرہ بہت سے مقامات سے مہمان پہنچ چکے تھے۔اخبار الحکم ۱۷/اپریل ۱۹۰۰ء میں روئیداد جلسہ عیدالضحیٰ کے عنوان کے تحت لکھا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے:-

> یوم العرفات کو علی الصبح حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے بذریعہ ایک خط کے حضرت مولانا نورالدین صاحب کو اطلاع دی کہ''میں آج کا دن اور رات کا کسی قدر حصّہ اپنے اور اپنے دوستوں کے لئے دُعا میں گذارنا چاہتا ہوں۔اس لئے وہ دوست جو یہاں موجود ہیں اپنا نام اور جائے سکونت لکھ کر میرے پاس بھیج دیں تا کہ دعا کرتے وقت مجھے یاد رہے''(اس پر تعمیل ارشاد میں ایک فہرست احباب کی ترتیب دے کر حضورؑ کی خدمت میں بھیج دی گئی۔مغرب وعشاء میں حضورؑ تشریف لائے۔جو جمع کی گئیں بعد فراغت فرمایا:-

''چونکہ میں خدا تعالیٰ سے وعدہ کر چکا ہوں کہ آج کا دن اور رات کا حصہ دعاؤں میں گذاروں۔اس لئے میں جاتا ہوں تا کہ تخلّف وعدہ نہ ہو۔''

یہ فرما کر حضورؑ تشریف لے گئے اور دعا میں مشغول ہو گئے۔دوسری صبح عید کے دن مولوی عبدالکریم صاحب نے اندر جا کر حضرت اقدس سے تقریر کرنے کے لئے خصوصیت سے عرض کی۔اس پر حضورؑ نے فرمایا:۔

''خدا نے ہی حکم دیا ہے۔'' اور پھر فرمایا کہ ''رات الہام ہوا ہے کہ مجمع میں کچھ عربی فقرے پڑھو۔میں کوئی اور مجمع سمجھتا تھا۔شاید یہی مجمع ہو۔''

..... جب حضرت اقدسؑ عربی خطبہ پڑھنے کے لئے تیار ہوئے تو حضرت مولوی عبدالکریم صاحب اور حضرت مولوی نورالدین صاحب کو حکم دیا کہ وہ قریب تر ہو کر اس خطبہ کو لکھیں۔جب حضرات مولوی صاحبان تیار ہو گئے تو حضور نے **یاعباداللہ** کے الفاظ سے عربی خطبہ شروع فرمایا..... اثنائے خطبہ میں حضرت اقدس نے یہ بھی فرمایا۔

''اب لِکھ لو پھر یہ لفظ جاتے ہیں''

جب حضرت اقدس خطبہ پڑھ کر بیٹھ گئے تو اکثر احباب کی درخواست پر مولانا مولوی عبدالکریم صاحب اس کا ترجمہ سنانے کے لئے کھڑے ہوئے۔اس سے پیشتر کہ مولانا موصوف ترجمہ سنائیں حضرت اقدس نے فرمایا کہ

''اس خطبہ کو کل عرفہ کے دن اور عید کی رات میں جو میں نے دعائیں کی ہیں ان کی قبولیت کے لئے نشان رکھا گیا تھا کہ اگر میں یہ خطبہ عربی زبان میں ارتجالاً پڑھ گیا تو وہ ساری دعائیں قبول سمجھی جائیں گی۔**الحمد** للہ کہ وہ ساری دُعائیں بھی خدا تعالیٰ کے وعدہ کے موافق قبول ہو گئیں۔''

ابھی مولانا عبدالکریم صاحب ترجمہ سُنا ہی رہے تھے کہ حضرت اقدس فرطِ جوش کے ساتھ سجدۂ شکر میں جا پڑے۔حضورؑ کے ساتھ تمام حاضرین نے سجدۂ شکر ادا کیا۔سجدہ سے سر اُٹھا کر حضرت اقدس نے فرمایا کہ

''ابھی میں نے سرخ الفاظ میں لکھا دیکھا ہے کہ **''مبارک''** یہ گویا قبولیت کا نشان ہے۔'' (ملفوظات جلد اول صفحہ ۳۲۴، ۳۲۵)

تاریخ احمدیت میں حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی اور حضرت بھائی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی کی روایات خلاصۃً تحریر ہوئی ہیں۔

حضرت منشی ظفر احمد صاحب کپورتھلوی فرماتے ہیں کہ

''حضور نے کھڑے ہوکر یا عباد اللہ کے لفظ سے فی البدیہ عربی خطبہ پڑھنا شروع کیا۔ آپ نے ابھی چند فقرے ہی کہے تھے کہ حاضرین پر جن کی تعداد کم وبیش دوسو تھی وجد کی ایک عجیب کیفیت طاری ہوگئی۔ محویّت کا یہ عالم تھا کہ بیان سے باہر ہے۔ خطبہ کی تاثیر کا وہ اعجازی رنگ پیدا ہوگیا کہ اگرچہ مجمع میں عربی دان معدودے چند تھے مگر سب سامعین ہمہ تن گوش تھے۔''

(تاریخ احمدیت جلد۲ صفحہ۸۴ تفصیل کے لئے دیکھئے روایات صحابہ جلد۱۳ صفحہ۳۸۵۔۳۸۶)

حضرت بھائی عبدالرحمٰن قادیانی فرماتے ہیں کہ

''.....حضرت مسیح موعود علیہ السّلام کی حالت یہ تھی کہ آپ کی شکل وصورت زبان اور لب ولہجہ سے معلوم ہوتا تھا کہ یہ آسمانی شخص ایک دوسری دُنیا کا انسان ہے جس کی زبان پر عرش کا خدا کلام کر رہا ہے۔ خطبہ کے وقت آپ کی حالت اور آواز میں ایک تغیر محسوس ہوتا تھا۔ ہر فقرہ کے آخر میں آپ کی آواز بہت دھیمی اور باریک ہو جاتی تھی۔ اس وقت آپ کی آنکھیں بند تھیں، چہرہ سُرخ اور نہایت درجہ نورانی۔ خطبہ کے دوران میں حضور نے خطبہ لکھنے والوں کو مخاطب ہو کر فرمایا کہ اگر کوئی لفظ سمجھ میں نہ آئے تو اسی وقت پوچھ لیں ممکن ہے کہ بعد میں مَیں خود بھی نہ بتا سکوں۔ پھر اس قدر تیزی سے آپ کلمات بیان فرماتے تھے کہ زبان کے ساتھ قلم کا چلنا مشکل ہو جاتا تھا۔ ان ہر دو وجوہ سے مولوی عبدالکریم صاحب اور مولوی نورالدین صاحب کو جو خطبہ نویسی کے لئے مقرر تھے بعض دفعہ الفاظ پوچھنا پڑتے تھے۔''

(تاریخ احمدیت جلد۲ صفحہ۸۴۔ تفصیل کے لئے دیکھئے روایات حضرت بھائی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی سیرت المہدی جلد دوم تتمہ صفحہ۳۶۵ تا۳۷۱)

اسی خطبہ سے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کتاب تعطیر الانام موجودہ خلافت لائبریری ربوہ کے ورق پر اپنے قلم مبارک سے دوخوابیں تحریر فرمائی ہیں۔ ۱۹/اپریل ۱۹۰۰ء کی تاریخ دے کر حضور نے

میاں عبداللہ صاحب سنوری کی مندرجہ ذیل خواب لکھی ہے کہ

''میاں عبداللہ سنوری کہتے ہیں کہ منشی غلام قادر مرحوم سنور والے یہاں آئے ہیں۔اُن سے اُنہوں نے پوچھا ہے کہ اس جلسہ کی بابت اس طرف کی خبر دو کیا کہتے ہیں۔تو اس نے جواب دیا کہ اُوپر بڑی دھوم مچ رہی ہے۔''

یہ خواب بعینہٖ سید امیر علی شاہ صاحب کے خواب سے مشابہ ہے کیونکہ انہوں نے دیکھا تھا کہ جس وقت عربی خطبہ بروز عید پڑھا جاتا تھا اس وقت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام جلسہ میں موجود ہیں اور اس خطبہ کو سُن رہے ہیں۔یہ خواب عین خطبہ پڑھنے کے وقت ہی بطور کشف اس جگہ بیٹھے ہوئے ان کو معلوم ہو گیا تھا۔''

(تذکرہ حاشیہ صفحہ ۲۹۰۔ایڈیشن چہارم)

اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام اسی خطبہ الہامیہ سے متعلق اپنی کتاب حقیقۃ الوحی میں فرماتے ہیں:-

''۱۱/اپریل ۱۹۰۰ء کو عید اضحیٰ کے دن صبح کے وقت مجھے الہام ہوا کہ **آج تم عربی میں تقریر کرو تمہیں قوت دی گئی**۔اور نیز یہ الہام ہوا-

كَلَامٌ اُفْصِحَتْ مِنْ لَّدُنْ رَبٍّ كَرِيْمٍ

یعنی اس کلام میں خدا کی طرف سے فصاحت بخشی گئی ہے-

.....تب میں عید کی نماز کے بعد عید کا خطبہ عربی زبان میں پڑھنے کے لئے کھڑا ہو گیا اور خدا تعالےٰ جانتا ہے کہ غیب سے مجھے ایک قوت دی گئی اور وہ فصیح تقریر عربی میں فی البدیہ میرے مُنہ سے نکل رہی تھی کہ میری طاقت سے بالکل باہر تھی اور میں نہیں خیال کر سکتا کہ ایسی تقریر جس کی ضخامت کئی جزو تک تھی ایسی فصاحت اور بلاغت کے ساتھ بغیر اس کے کہ اوّل کسی کاغذ میں قلمبند کی جائے، کوئی شخص دنیا میں بغیر خاص الہام الٰہی کے بیان کر سکے۔جس وقت یہ عربی تقریر جس کا نام **خطبہ الهامیه** رکھا گیا لوگوں میں سُنائی گئی اس وقت حاضرین کی تعداد شاید دوسو ۲۰۰ کے قریب ہوگی۔سبحان اللہ اُس وقت ایک غیبی چشمہ کُھل رہا تھا۔مجھے معلوم نہیں کہ میں بول رہا تھا یا میری زبان سے کوئی فرشتہ کلام کر رہا تھا کیونکہ میں جانتا تھا کہ اس کلام میں میرا دخل نہ تھا خود بخود

بنے بنائے فقرے میرے منہ سے نکلتے جاتے تھے اور ہر ایک فقرہ میرے لئے ایک نشان تھا..... یہ ایک علمی معجزہ ہے جو خدا نے دکھلایا اور کوئی اس کی نظیر پیش نہیں کر سکتا''

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد ۲۲ صفحہ ۳۷۵، ۳۷۶ نیز دیکھو نزول المسیح صفحہ ۲۱۰ و سرورق خطبہ الہامیہ)

پس خطبہ الہامیہ خدا تعالیٰ کا ایک عظیم الشان نشان ہے جو ۱۱/اپریل ۱۹۰۰ء کو ظاہر ہوا۔

لُجَّةُ النُّور

یہ کتاب حضرت مسیح موعود علیہ السّلام نے اسلامی ممالک عرب اور فارس اور روم اور بلاد الشام وغیرہ کے متقی بندوں اور صالح علماء اور مشائخ کو تبلیغ کرنے کے لئے بصورت مکتوب تصنیف فرمائی اور اس کی تصنیف کا حقیقی محرک وہ الہام اور رؤیا ہوئے جن میں آپ کو اللہ تعالیٰ نے یہ بشارت دی تھی کہ مختلف ممالک کے صلحاء اور نیک بندے آپ پر ایمان لائیں گے اور آپ کے لئے دعائیں کریں گے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ آپ کو برکت پر برکت دے گا یہاں تک کہ بادشاہ آپ کے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔

یہ کتاب ۱۹۰۰ء میں لکھی گئی۔ کتاب سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت اقدس کا ارادہ کئی باب لکھنے کا تھا (دیکھو صفحہ ۶ لـجّة الـنّـور) مگر ایک ہی باب آپ نے لکھا اور پھر معلوم ہوتا ہے آپ کی توجہ دوسری کتب کی طرف مبذول ہوگئی اور اس کتاب کی عام اشاعت آپ کی وفات کے بعد فروری ۱۹۱۰ء میں ہوئی۔

اس کتاب کے شروع میں آپ نے اپنی کنیت ابو محمود احمد تحریر فرمائی ہے اور اس میں آپ نے اپنے دعویٰ مسیح موعود اور مہدی معہود کی صداقت ثابت کرنے کے لئے ضرورتِ زمانہ کو بطور دلیل پیش کیا ہے اور اپنے آبائی سوانح، اپنے الہام ربّانی سے مشرف ہونے اور اپنے زمانہ کے حالات کا شرح وبسط سے ذکر فرمایا ہے اور قوموں اور مذاہب میں تفرقہ کا ذکر کرتے ہوئے عالم اسلامی کی دینی اور دنیوی ابتر حالت کا نہایت المناک نقشہ کھینچا ہے۔ ان کے آپس میں افتراق و انشقاق اور اُن کے عقائد فاسدہ اور مسلمان علماء اور صوفیاء اور عامۃ المسلمین کی خرابیوں اور الحاد و بے دینی اور اسلام پر حملہ آور دشمنوں کے سامنے ان کی بے کسی اور بے بسی کا تفصیلی ذکر فرمایا ہے اور آخر میں پادریوں کے حملوں کا ذکر کر کے یہ خوشخبری دی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میرے ہاتھوں پر انہیں شکست فاش دی ہے اور وہ میدان سے بھاگنے پر مجبور ہو چکے ہیں اور فرمایا ہے کہ

"الیوم یئس الذین کانوا یصولون علی الاسلام"

(لُجّۃ النُّور۔روحانی خزائن جلد۱۶صفحہ۴۷۵)

یعنی آج اسلام پر حملہ آور کفار نا امید ہو گئے ہیں اور تحدیث نعمت کے طور پر فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مصلحین کی تمام شرائط مجھ میں جمع کر دی ہیں اور اس نے مجھے ہر قسم کی برکات سے نوازا اور میری ہر آرزو پوری کی اور ہر قسم کی دینی و دنیوی نعمتوں سے مجھے مالا مال کیا ہے۔ان نعمتوں کا تفصیلی ذکر کرتے ہوئے اس نعمت کا بھی ذکر فرمایا ہے کہ بعض اوقات انسان اس خیال سے افسردہ اور دل شکستہ اور غمگین رہتا ہے کہ اس کا کوئی بیٹا نہیں ہوتا جو اس کی وفات کے بعد اس کا وارث ہو مگر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس قسم کا غم مجھے ایک لحہ کے لئے بھی نہیں ہوا۔ و اعطانی ربی ابناءً الخدمة ملّتہٖ کیونکہ میرے رب نے مجھے اپنی جناب سے بیٹے عطا کئے ہیں جو دین اسلام کی خدمت کریں گے۔ (لجّۃ النور۔روحانی خزائن جلد۱۶صفحہ۳۹۸)

اس کتاب میں آپ نے اس بہتان کی بھی تردید فرمائی ہے کہ نعوذ باللہ آپ نے اپنی کتب میں صالح علماء کی ہتک کی ہے۔آپ فرماتے ہیں۔

> ''ہم نیک اور صالح علماء اور مہذب شرفاء کی ہتک سے خدا تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں خواہ وہ مسلمان ہوں یا آریہ یا عیسائی یا کسی اور مذہب کے ہوں بلکہ ہم تو اُن کے سفہا اور بے ہودہ گولوگوں میں سے بھی صرف ان کا ذکر کرتے ہیں جو اپنی فضول گوئی اور بدگوئی اور سبّ وشتم میں مشہور ہو چکے ہیں۔لیکن جو لوگ سفاہت اور بدزبانی سے بَری ہیں۔ہم ان کا خیر سے ذکر کرتے اور ان کی تکریم و احترام کرتے اور ان سے بھائیوں کی طرح محبت رکھتے ہیں۔'' (ترجمہ از لُجّۃ النُّور۔روحانی خزائن جلد۱۶صفحہ۴۰۹)

اور اس کتاب میں حضرت اقدس نے یہ عظیم الشان پیشگوئی بھی درج فرمائی ہے کہ ''اللہ تعالیٰ میری نصرت فرمائے گا یہاں تک کہ میرا امر یا میری دعوت زمین کے مشارق و مغارب میں پہنچے گی۔''

(ترجمہ از لُجّۃ النُّور۔روحانی خزائن جلد۱۶صفحہ۴۰۸)

اصل کتاب عربی میں ہے اور اس کے نیچے فارسی زبان میں ترجمہ بھی لکھا گیا ہے۔

خاکسار

جلال الدین شمس

وہ خزائن جو ہزاروں سال سے مدفون تھے
اب میں دیتا ہوں اگر کوئی ملے امیدوار

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی

مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

ٹائیٹل بار اول

هذا هو الكتاب الذى الهمت حصة منه من رب العباد - فى يوم عيد من الاعياد - فقرءته على الحاضرين - بانطاق الروح الامين - من غير مدد الترقيم والتدوين - فلا شك انه اية من الايات - وما كان ليشران ينطق كمثلى سر تجلا متحضرا فى مثل هذه العبارات - وكان الناس يرقبون طبعه رقبة يوم العيد - ويستطلعون بعيون المشتاق المريد - فالحمد لله الذى اراهم مقصودهم بعد الانتظار - ووجدوا مطلوبهم كبستان مذللة اغصانه من الثمار - وانه صنيعة احسان الحضرة - ومطية تبليغ الناس الى السعادة وانه غيث من الله بعد ما امحلت البلاد من عمم الفساد - ولن تجد هذه المعارف فى الآثار المتفاقة المدونة من الثقات - بل هى حقايق اوحيت الىّ من رب الكائنات - وانه اظهار تام وهل بعد المسيح كتم - وهل بعد خاتم الخلفاء على السر ختم - وليس من العجب ان تسمع من خاتم الائمة - نكاتا ما سمعت من قبل من علماء الملة بل العجب كل العجب ان ياتى المسيح الموعود والامام المنتظر وحكم الناس وخاتم الخلفاء - ثم لا ياتى بمعرفة جديدة من حضرة الكبرياء - ويتكلم كتكلم العامة من العلماء - ولا يفرق فرقا بينا بين الظلمة والضياء - وانى سميت هذه الرسالة

خُطبَةً اِلهَامِيَّةً

وَاِنِّى عَلَّمتُهَا اِلهَامًا مِّن رَّبِّى وَكَانَت اٰيَةً

تعداد الاشاعة ۳۱۰۰

نحن نفتخر واحضم عظم

وانها طبع فى مطبع ضياء الاسلام قاديان باهتمام الحكيم فضل الدين البهيروى فى سنة ۱۳۱۹ من الهجرة المقدسة

﴿۱﴾

الاعلان

ایّها الاخوان من العرب وفارس والشام. وغیرها من بلاد الاسلام. اعلموا رحمکم اللّٰه انی کتبت هٰذا الکتاب لکم ملهمًا من ربّی. واُمرت ان ادعوکم الی صراط هُدیتُ الیه و اُؤدبکم بادبی. وهٰذا بعدما انقطع الامل مِن علماء هٰذه الدیار. وتحقق انهم لا یبالون عقبی الدار. وانقطعت حرکتهم الی الصدق من تفالجٍ لامن فالجٍ. وما نفعهم اثر دواء ولاسعی معالج. ومابقی لِاَجَارِد المعارف فی ارضهم مرتع. ولا فی اهلها مطمع. فعند ذالک القی فی قلبی من الحضرة. ان اٰوی الیکم لطلب النصرة. لتکونوا انصاری کاهل المدینة ومن نصرنی وصدقنی فقد ارضی ربه وخیرَ الْبریة. وان شرالد واب الصّم البکم الذین لا یصغون الی الحق والحکمة. ولا یسمعون برهانًا ولوکان من الحجج البالغة. واذا قیل لهم اٰمنوا بما اتاکم من ربّکم من الحقّ والبیّنة. بعد ایام کثرت الفِرق واختلافهم فیها وتلاطم بحرالضلالة. قالوا لانعرف ماالحق وانا وجدنا اٰبَاء نا علی عقیدة. وانا علیها الی یوم المنیّة. وماقلت لهم الاما قال القراٰن. فما کان جوابهم الاالسب والهذیان. وان اللّٰه قد علّمنی ان عیسی ابن مریم قد مات. ولحق الاموات. واماالذی کان نازلا من السماء. فهو هٰذا **القائم بینکم** کما اوحی الیّ من حضرة الکبریاء. وکانت حقیقة النزول ☆ ظهور المسیح الموعود عند انقطاع الاسباب. وضعف الدولة الاسلامیة وغلبة الاحزاب

☆ **الحاشیة**- اعلموا انّ لفظ النزول قد اختیر للمسیح الموعود للوجهین (۱) احدهما لاظهار انقطاع الاسباب الارضیة کالحکومة والریاسة والوسائل الحربیة فی مُلک یُبعث فیه من الحضرة الاحدیّة. کانّه کانت اشارة الٰی ان المسیح الموعود لایأتی الا فی مُلک لایبقٰی فیه للاسلام قوةٌ ولا للمسلمین طاقة ومع ذالک یقومون للانکار و

وکان هٰذا اشارة الی ان الامر کله ینزل من السماء. من غیر ضرب الاعناق وقتل الاعداء. ویُریٰ کالشمس فی الضیاء. ثم نقل اهل الظاهر هٰذه الاستعارة الی الحقیقة. فهٰذه اوّل مصیبة نزلت علٰی هٰذه الملة. وما اراد اللّٰه من انزال المسیح. الّا لیُری مقابلة الملتین بالتصریح. فان نبینا المصطفٰی کان مثیل موسٰی. وکانت سلسلة خلافة الاسلام. کمثل سلسلة خلافة الکلیم من اللّٰه العلام. فوجب من ضرورة هٰذه المماثلة والمقابلة ان یظهر فی اٰخر هٰذه السلسلة مسیح کمسیح السلسلة الموسویة. ویهود کالیهود الذین کفّروا عیسٰی وکذبوه و ارادوا قتله وجروه الٰی ارباب الحکومة فمن العجب ان علماء الاسلام اعترفوا بان الیهود الموعودون فی اٰخر الزمان لیسوا یهودًا فی الحقیقة بل هم مثلهم من المسلمین فی الاعمال وَالعادة. ثم یقولون مع ذالک ان المسیح ینزل من السماء. وهو ابن مریم رسول اللّٰه فی الحقیقة لامثیله من الاصفیاء. فکانهم حسبوا هٰذه الامة اردء الامم واخبثهم فانهم زعموا ان المسلمین قوم لیس فیهم احد یقال له انه مثیل بعض الاخیار السابقین. وامّا مثیل الاشرار فکثیرفیهم ففکروا فیه یامعشر العاقلین. ثم ان مسئلة نزول عیسٰی نبی اللّٰهِ کانت من اختراعات النصرانیین. واماالقراٰن فتوفاه والحقه بالمیتین. وما اضطرت النصارٰی الٰی نحت هٰذه العقیدة الواهیة الا

بقیة الحاشیة ـ و یریدون اَن یطفئوا نور اللّٰه فضلا من ان یکونوا من الانصار فیؤیّد المسیح من لدن ربّ السماء ولایکون علیه منّة احد من ملوک الارض واهل الدول والامراء ولایستعمل السیف والسنان فکانّه نزل من السماء ونصره اللّٰه من لدنه و أعان (۲) ثانیهما لاظهار شهرة المسیح الموعود فی اسرع الاوقات والزمان فی جمیع البلدان. فان الشئ الذی ینزل من السماء یراه کل احدٍ من قریبٍ وبعیدٍ ومن الاطراف والانحاء. ولایبقٰی علیه سِتْرٌ فی اَعْین ذوی الانصاف. ویشاهد کبرقٍ یبرق من طرفٍ الی طرفٍ حتّی یحیط کدائرةٍ علی الاطراف. منه

فی ایام الیأس وقطع الامل من النصرة الموعودة. فان الیهود کانوا یسخرون منهم ویضحکون علیهم ویؤذونهم بانواع الکلمات. عندما رَأَوُا خذلانهم وتقلبهم فی الأفات. فکانوا یقولون این مسیحکم الذی کان یزعم انه یرث سریر داؤد وینال السلطنة وینجی الیهود فتألم النصارٰی من سماع هٰذه المطاعن. و الام الصبرُ بالّلاعن. فنحتوا الجوابَین. عند هٰذین الطعنین والخطابین. فقالوا ان یسوع ابن مریم وان کان مانال السلطنة فی هٰذه الأوان. ولٰکنه ینزل بصورة الملوک الجبارین القهارین فی اٰخر الزمان. فیقطع ایدی الیهود وارجلهم وانوفهم ویهلکهم باشد العذاب والهوان. ویجلس احبابه بعد هٰذا العقاب. علی سرر مرفوعة موعودة فی الکتاب. و اما قول المسیح انه من اٰمن به فینجیه من الشدائد التی نزلت علٰی بنی اسرائیل. فمعناه انه ینجیه بدمه من الذنوب لامن جور الحکومة الرومیة کما ظنّ وقیل. فحاصل الکلام ان النصارٰی لمّا اٰذاهم طول مکثهم فی المصائب. واطال الیهود السنهم فی امرهم وحسبوهم کالخاسر الخایب. شق علیهم هٰذا الاستهزاء. فنحتوا العقیدتین المذکورتین لیسکت الاعداء. وانّ من عادات الانسان. انه یتشبّث بامانی عند هبوب ریاح الحرمان. واٰذا رأی انه مابقی له مقام رجاء. فیسرّ نفسه بأَهْواءٍ. ﴿ب﴾ فیطلب ما ندّ عن الاذهان. وشذّ عن الأذان. فقد یطلب الکیمیاء عند نفاد الاموال. وقد یتوجه الی تسخیر النجوم والاعمال. وکذالک النصارٰی اذا وقع علیهم قول الاعداء. وما کان مَفَرٌّ من هٰذا البلاء. فنحتوا مانحتوا واتّکئوا علی الامانی. کماهوسیرة الاسیر والعانی. فاشاعوا الاصولین المذکورین کما تعلم وترٰی. ووفّوا حق العمٰی. ولما صار اعتقاد نزول المسیح جزو طبیعتهم. واحاط علی مجاری الفهم وعادتهم. کانت عنایتهم مصروفة لامحالة الی نزول عیسٰی. لیهلک اعداء هم ویجلسهم علی سرر العزة والعُلٰی. فهٰذا هوسبب سریان هٰذه العقیدة فی الفِرق المسیحیة. ومثلهم فی الاسلام یوجدفی الشیعة. فانّه لمّا طال علیهم امد الحرمان. وما قام فیهم ملک الی قرون من

الزمان. نحتوا من عند انفسهم ان مهديهم مستترفی مغارة. ويخرج فی اٰخرالزمان و يحيی صحابة رسول اللّٰہؐ ليقتلهم بِاِذِيّةٍ. وان حسينًا بن علی وان كان مانجّاهم من ظلم يزيد. ولكن ينجّيهم بدمه فی اليوم الاٰخرمن عذاب شديد. وكذالک كل من خسر وخاب نَحَتَ هٰذا الجواب. وسمعت ان فرقة من الوهابيين الهنديين ينتظرون كمثل هٰذه الفرق شيخهم سيد احمدن البريلوی وانفدوا اعمارهم فی فلوات منتظرين فهٰؤلاء كلهم محل رحم بمالم يرجع احد من كبراء هم الی هٰذا الحين. بل رجع المنتظرون اليهم وكم حسرات فی قلوب المقبورين. فملخّص القول ان عقيدة رجوع المسيح وحياته كانت من نسج النصارٰی ومفترياتهم. ليطمئنوا بالامانی ويذبّوا اليهود وهمزاتهم. واما المسلمون فدخلوها من غير ضرورة. و اُخذوا من غير شبكة. واكلوا السم من غير حلاوة. واذا قبلوا ركنًا من ركنی الملة النصرانية. فما معنی الانكار من الركن الثانی اعنی الكفّارة. وانا فصّلنا هٰذه الامور كلها فی الكتاب. وكفاک هٰذا ان كنت من الطُّلّاب. ان الذين ظنوا من المسلمين ان عيسٰی نازل من السماء مااتبعوا الحق بل هم فی وادی الضلال يتيهون. ما لهم بذالک من علم ان هم الا يخرصون. اَمْ اُوْتوا من البرهان اوعُلّموا من القراٰن فهم به مستمسكون. كلّا بل اتبعوا اهواء الذين ضلّوا من قبل وتركوا ما قال ربّهم ولا يبالون. وقد ذكر الفرقان ان عيسٰی قد توفّی فبأی حديث بعد ذالک يؤمنون. الايفكرون فی سرّ مجئ المسيح ام علی القلوب اقفالها ام هم قوم لايبصرون. ان اللّٰہ كان قد مَنّ علی بنی اسرائيل بموسٰی و النبيين الذين جاء وا من بعده منهم فعصوا انبياء هم ففريقًا كذبوا وفريقًا يقتلون. فاراد اللّٰہ ان ينزع منهم نعمته ويؤتيها قومًا اٰخرين ثم ينظر كيف يعملون. فبعث مثيل موسٰی من قوم بنی اسماعيل وجعل علماء امته كانبياء سلسلة الكليم وكسرغرور اليهود بها بما كانوا يستكبرون. واٰتٰی نبينا كلّما اوتی موسٰی وزياده واٰتاه من الكتاب والخلفاء كمثله واحرق به قلوب الذين ظلموا واستكبروا لعلهم يرجعون. فكما انه خلق الازواج كلّها

کذالک جعل السلسلة الاسماعیلیة زوجًا للسلسلة الاسرائیلیة. وذالک امر نطق بہ القراٰن ولا ینکرہ الاالعمون. الا تری قولہ تعالٰی فی سورة الجاثیة وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ وَاٰتَيْنٰهُمْ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ. ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ مِّنَ الْاَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ[1]. فانظر کیف ذکر اللّٰہ تعالٰی ھٰھنا سلسلتین متقابلتین سلسلة موسٰی الٰی عیسٰی. وسلسلة نبینا خیر الوریٰ الی المسیح الموعود الذی جاء فی زمنکم ھٰذا. وانہ ماجاء من القریش کما ان عیسٰی ماجاء من بنی اسرائیل. وانہ علم لساعة کافة الناس کما کان عیسٰی علما لساعة الیھود. ھٰذا ما اشیر الیہ فی الفاتحة. وما کان حدیث یفتریٰ. وقد شھدت السماء باٰیاتھا وقالت الارض الوقت ھٰذا الوقت فاتق اللّٰہ ولاتیئس من روح اللّٰہ والسلام علی من التبع الھُدٰی.

فحاصل الکلام ان القراٰن مملو من ان اللّٰہ تعالٰی اختار موسٰی بعد ما اھلک القرون الاولٰی واٰتاہ التوراة وارسل لتائیدہ النبیین تترا. ثم قفا علٰی اٰثارھم بعیسٰیؑ☆. واختار محمدا صلی اللّٰہ علیہ وسلم بعد ما اھلک الیھود واردیٰ. و

☆ **الحاشیة** ـ اعترض علیّ جاھل من بلدةٍ اسمھا جھلٌ یا ذوی الحصاتِ. وفی اٰخرھا حرف المیم لیدل علٰی مسخ القلب والممات. وفرح فرحًا شدیدًا باعتراضہ وشتمنی وذکرنی باقبح الکلمات. وقال انّ ھٰذا الرجل یزعم ان عیسٰی کان من مُتّبعی موسٰی ولیس زعمہ ھٰذا الّا باطلًا وانّ کذبہ من اَجْلی البدیھیّات. بل اُوْتی عیسٰی شریعةً مستقلةً بالذات. فاغنی الذین کانوا مجتمعین علیہ من شریعة الکلیم واقام الانجیل مقام التوراة فاعلم ان ھٰذا قولٌ لایخرج من فَمِ اِلّامن فم الذی نُجس بنجاسة الجھل والجھلات. وذاب انف فطنتہ بجذام التعصّبات. وزعم ھٰذا الجاھل کانّہ یستدل علی دعواہ بالفرقان الذی ھوالحَکم عند الخصومات. وقرء قولہ تعالٰی وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ

[1] الجاثیة: ۱۷تا۱۹

﴿ج﴾ لا شک ولاریب ان السلسلة الموسویة والمحمدیة قد تقابلتا وکذالک اراد اللّٰہ وقضٰی. واما عیسٰی فھومن خدام الشریعة الاسرائیلیة ومن انبیاء سلسلة موسٰی. وما اوتی لہ شریعة کاملة مستقلة ولا یوجد فی کتابہ تفصیل الحرام والحلال والوراثة

بقیة الحاشیة۔ هُدًى وَّنُوْرٌ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ[1] یعنی ببشارة خیر الکائنات. ومافھم سرّھذہ الاٰیة وصال علیّ بصوت ھوَاَنکر الاصوات. وظنّ انّہ اوٰی الٰی رکن شدید وسبّنی کالقاذفاتِ المفحشات. وقال انّھا دلیل واضح علی ان الانجیل شریعة مستقلة فیااسفًا علیہ وعلی غیظہ الذی اخرجہٗ من الارض کالحشرات. وان من اشقی الناس من لاعقل لہ ویعدّ نفسہ من ذوی الحصاة. ویعلم کل صبیٍّ وصبیة من المسلمین والمسلمات فضلا من البالغین والبالغات. ان القراٰن لایامر الیھود ولاالنصاریٰ ان یتبعوا کتبھم ویثبتوا علی شرائعھم بل یدعوھم الی الاسلام واوامرہ وقد قال اللّٰہ فی کتابہ العزیز اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ[2] وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ[3]. فکیف یُظنُّ فی اللّٰہ القدوسِ انّہ یدعوا الیھود والنصاریٰ فی ھٰذہ الاٰیة الی الاسلام یقول انّکم لا تفلحون ابدًا ولا تدخلون الجنّة الابعد ان تکونوا مسلمین. ولا ینفعکم ﴿ج﴾ توراتکم ولاانجیلکم الاالقرآن. ثم ینسٰی قولہ الاول ویامرکل فرقة من الیھود والنصاریٰ ان یثبتوا علی شرائعھم یتمسکوا بکتبھم ویکفیھم ھٰذا لنجاتھم وان ھٰذا الاجمع الضدّین واختلاف فی القراٰن. واللّٰہ نزّہ کتابہ عن الاختلاف بقولہ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا[4] بل الاٰیٰت التی حَرَّف المُعتَرِض معناھا کمثل الیھود تشیر الی ان بشارت نبینا صلی اللّٰہ علیہ وسلم کانت موجودةً فی التورات والانجیل فکان اللّٰہ یقول مالھم لایعملون علٰی وصایا التوراة والانجیل ولایُسلمون. نعم لوکانت عبارة القراٰن بصیغة الماضی ولم یقل وَلْيَحْكُمْ بل قال وکان النصاریٰ یحکمون بالانجیل فقط مکان ذالک دلیلًا علٰی مدعاہُ واما بقیة الفاظ ھٰذہ الاٰیات

[1] المائدة: ۴۷،۴۸ [2] آل عمران: ۲۰ [3] آل عمران: ۸۶ [4] النساء: ۸۳

والنكاح ومسائل اخرٰى. والنصارٰى يُقِرُّون به ولذالك ترى التورات فى ايديهم كما ترى الانجيل وقال بعض فرقهم انانجينامن اثقال شريعة التورات بكفارة دم عيسٰى. واما بعضهم الأخرون فيحرمون ماحرم التوراة ولاياكلون الخنزير كمثل نصارٰى ارمينيا وهم اقدم من فرق اخرى فى المدى. واتفق كلهم علٰى ان عيسٰى اتٰى بفضل من اللّٰه وان موسٰى اتٰى بالشريعة وسموهما عهد الشريعة وعهد الفضل وسمّوا الاوّل عتيقًا والأخر جديدًا فاسئلهم ان كنت تشك فى هٰذا. فملخّص كلامنا ان اللّٰه توجّه الٰى بنى اسرائيل رحمة منه فاقام سلسلة بموسٰى واتمّها بعيسٰى. وهو اٰخرلبنةٍ لها. ثم توجه الٰى بنى اسماعيل فاقام سلسلة نبينا المصطفٰى. وجعله مثيل الكليم ليرى المقابلة فى كل ما اتٰى. وختم هٰذه السلسلة علٰى مثيل عيسٰى. ليتم النعمة على هٰذه السلسلة كما اتمها على السلسلة الاولٰى. وان كانت السلسلة المحمدية خاليةً من هٰذا المسيح المحمدى. فتلك اذا قسمةٌ ضيزٰى. ففكروا كل الفكر وليس النُهٰى الا لهٰذا الامريا اولى النُهٰى. ولا ينجى المرء الاالصدق فاطلبوه بدق باب الحضرة. واقبلوا على اللّٰه كل الاقبال لهٰذه الخطّةِ. وادعوه فى جوف الليالى وخرّوا باكين للّٰه ذى العزة والجبروت ولا تمرّوا ضاحكين هامزين واستعيذوا باللّٰه من الطاغوت. ياعباد اللّٰه تذكروا وتيقظوا فان المسيح الحَكَم قدأَتٰى. فاطلبوا العلم السماوى ولا تقوّموا متاعكم فى حضرة المولٰى. واللّٰه انّى من اللّٰه اتيتُ وما افتريتُ وقدخاب من افترٰى. انّ

بقية الحاشية ـ اعنى لفظ فيه نوروهدًى فليس هٰذا دليلًا على كون الانجيل شريعةً مستقلةً اليس الزبور وغيره من كتب انبياء بنى اسرائيل هُدًى للناس ا يوجد فيها ظلمة ولايوجد نور فتفكر و لا تكن من الجاهلين. وانّ النصارٰى قد ا تفقوا علٰى ان عيسى بن مريم ما ا تاهم بالشريعة وانّا نكتب ههنا شهادة جى.اے لیفرائے الذى هوبشپ لاهور اعنى امام قسوس هٰذه الناحية وكفاك هٰذا ان كنت تخشى من سواد الوجه والذلّة. ورأينا ان نكتب عليحدة هٰذه الشهادة فى الحاشيه. منه

ایـّام الـلّٰـه قـداتَـتْ وحسراتٌ علی الذی ابٰی. ولا یُفلح المُعرض حیث أَتٰی. والحق والـحـق اقـول ان مـجـئ الـمسیـح مـن هٰـذه الامة کان امرا مفعولا من الحضرة من مـقـتـضـی الـغیرة. وکان قدّر ظهوره من یوم الخلقة. والسرّفیه ان اللّٰه اراد ان یجعل اٰخرالدنیا کأولها فی نفی الغیر والمحوفی طاعة الحضرة الاحدیة. واسلاک الناس فی سلک الوحدة الـطـبـعیة بـعدما دعوا الی الوحدة القهریة. وکان الناس مُفْترقین الـی الـفـرق الـمـختلفة. والاٰراء المتنوعة. والاهواء المتخالفة. ومطیعین للحکومة الشیـطـانیة الـدجـالیة الـظـلـمـانیة. ومـاکـانـوا مـنـفکین حتی تنزل علیهم فوج من الـسـکـیـنة. والشیطان الذی هوثعبان قدیم ودجال عظیم ماکان مخلصهم من اسره. وکـان یرید ان یاکلهم کلهم ویجعلهم وقود النار لانه نظر الٰی ایّامه و رَأَی انه مابقی مـن ایام الانظار الا قلیلا فخاف ان یکون من المغلوبین. بمالم یکن من المنظرین اِلّا الٰی هٰـذا الـحـیـن فرای انه هالک بالیقین. فاراد اَنْ یصول صولا هو خاتم صولا ته واٰخـر حـرکـاتـه. فـجـمـع کـلـمـا عـنده من مکائده وحِیَله وسلاحه وسائر الاٰلات الحربیّة. فتحرک کالجبال السائرة. والبحار الزاخرة بجمیع افواجه لیدخل حمی الـخـلافة مـع ذُرّیاته. فعند ذالک انزل اللّٰه مسیحه من السماء بالحربة السماویة. لیـکـون بیـن الـکـفـروالایـمـان فیصلة القسمة. وانزل معه جنده من اٰیاته وملائکة سماواته. فالیوم یوم حرب شدید وقتال عظیم بین الداعی الی اللّٰه وبین الداعی الی غیـره. انهـا حـرب مـاسـمـع مثـلهـا فی اول الزمن ولا یسمع بعده. الیوم لایترک الدجال المفتعل ذرة من مکائده الا یستعملها. ولاالمسیح المبتهل ذرة من الاقبال عـلـی الـلّٰـه والتوجه الی المبدء الا ویستوفیها. ویحاربان حربًا شدیدًا حتی یعجب قـوتهـما وشدتهما کُلّ من فی السّمآء وتری الجبال قدمُ المسیح ارسخ من قدمها. والبـحـار قـلبـه ارق واجرٰی من ماء ها. وتکون محاربة شدیدة وتنجّر الحرب الی اربـعیـن سـنة مـن یـوم ظهـور الـمسیـح حتّی یُسْمع دُعاء المسیح لتقواه و صدقه. وتـنـزل مـلا ئکة الـنـصـرة ویـجـعـل الـلّٰـه الهـزیـمة عـلـی الثعبـان وفوجـه منة

علی عبده. فترجع قلوب الناس من الشرک الی التوحید ومن حب الشیطان الی حب اللّٰه الوحید. والی المحوية من الغيرية. والی ترک النفس من الاهواء النفسانية. فان الشيطان يدعو الى الهوىٰ والقطيعة والمسيح يدعو الى الاتحاد والمحوية. وبينهما عداوة ذاتية من الازل واذا غلب المسيح فاختتم عند ذالک محاربات کلها التی کانت جارية بين العساکر الرحمانية والعساکر الشيطانية. فهناک يكون اختتام دور هٰذه الدنيا ويستدير الزمان وترجع الفطرت الانسانية الى هيئتها الاولٰى. اَلا الذين احاطتهم الشقوة الازلية. فاولٰئک من المحرومين. ومن فضل اللّٰه واحسانه انه جعل هٰذا الفتح علٰی يد المسيح المحمدی ليرى الناس انه اكمل من المسيح الاسرائيلی فی بعض شيونه وذالک من غيرة اللّٰه التی هيّجها النصارىٰ باطراء مسيحهم. ولما كان شان المسيح المحمدی كذالک فما اكبر شان نبی هو من اُمّتهٖ. اللّٰهم صلّ عليه سلامًا لا يغادر بركة من بركاتک وسَوّد وجوه اعداءہ بتائيداتک واٰياتک اٰمين.

الراقم میرزا غلام احمدؐ من مقام القاديان الفنجاب

لخمس و عشرين من اغسطوس سنه ۱۹۰۱

تتمہ حاشیہ ٹائٹل پیج متعلقہ خطبہ الہامیہ

Bishops Bourno
Lahore
Aug. 15.01.

Dear Sir,

The Lord Jesus Christ was certainly not a lawgiver, in the sense in which Moses was, giving a complete descriptive law about such things as clean and unclean food etc. That he did not do this must be evident to any one who reads the New testament with any care or thought whatever. The Mosaic law of meats etc was given in order to develop in the minds of men who were in a very elementary stage of education and religion, the sense of law, and gradually of Holiness and the reverse. It is therefore called in the New testament a "Schoolmaster to bring us to Christ" (gal iii. 24) for it developed a conseience in men which, when awakened,could not find rest in any external or purely ceremonial acts but needed an inner righteousness of heart and life. And it was to bring this that christ came, By His life and death he

both deepened in men's minds the sense of what sin really is and how terrible it is and also showed men how they could be reconciled to God, obtaining forgiveness of sins and also power by the gift of the Holy Spirit to live a new life in real holiness, and in love to God and man. What the characteristics of that new life are, you can see by reading the sermon on the mount St. Mathew Chapters V-VII.

(اس کا ترجمہ دوسرے صفحہ پر دیکھو)

ترجمہ

از مقام بشپس بورن واقعہ لاہور

مورخہ ۱۵؍اگست ۱۹۰۱ء

جناب

خداوند یسوع مسیح ہرگز شارع نہ تھا جن معنوں میں کہ حضرت موسیٰ صاحب شریعت تھا۔ جس نے ایک کامل مفصل شریعت ایسے امور کے متعلق دی کہ مثلاً کھانے کے لئے حلال کیا ہے اور حرام کیا ہے وغیرہ۔ کوئی شخص انجیل کو بغیر غور کے سرسری نگاہ سے بھی دیکھے تو اس پر ضرور ظاہر ہو جائے گا کہ یسوع مسیح صاحب شریعت نہ تھا۔

موسیٰ کی شریعت کھانے وغیرہ امور کے متعلق اس واسطے نازل ہوئی تھی کہ انسان کا دل تربیت پا کر شریعت کے مفہوم کو پالے اور رفتہ رفتہ مقدس اور غیر مقدس کو سمجھنے لگے کیونکہ انسان اس وقت تعلیم و مذہب کی ابتدائی منزل میں تھا۔ اس لئے انجیل میں کہا گیا ہے کہ موسیٰ کی شریعت ایک اُستاد تھی جو ہمیں مسیح تک لائی کیونکہ اس شریعت نے انسان کے دل میں ایک ایسی فطرت پیدا کر دی جو کہ ترقی پا کر صرف بیرونی اور رسمی اعمال پر قانع نہ ہوئی بلکہ دل اور رُوح کی اندرونی راستی کی تلاش کرنے والی ہوئی۔ اس راستی کے لانے کے واسطے مسیح آیا۔ اپنی زندگی اور موت کے ذریعہ سے اُس نے لوگوں کے دلوں میں یہ سمجھ ڈال دی کہ گناہ کیا ہے اور وہ کیسا خوفناک ہے اور گناہوں کی معافی حاصل کر کے اور روح القدس کے عطیہ سے ہم تقدس کی نئی زندگی پا کر اور خدا اور انسان کے درمیان محبت قائم کر کے خدا کو پھر راضی کر سکتے ہیں۔ متی باب ۵ و ۷ میں پہاڑی تعلیم کے پڑھنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اس نئی زندگی کا طرز طریق کیا تھا۔

(دستخط جے اے لیفرائے بشپ لاہور)

نمونہ منارۃ المسیح

ضمیمہ خطبہ الہامیّہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نحمدہٗ و نصلّی علٰی رسولہ الکریم

اشتہار چندۂ مَنارۃ المسیح

☆

''بخرام کہ وقت تو نزدیک رسید و پائے محمدیاں بر منار بلند تر محکم افتاد''

(یہ وہ **الہام** ہے جو براہین احمدیہ میں درج ہے جس کو شائع ہوئے بیس برس گذر گئے)

خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے قادیاں کی مسجد جو میرے والد صاحب مرحوم نے مختصر طور پر دو بازاروں کے وسط میں ایک اونچی زمین پر بنائی تھی اب شوکتِ اسلام کے لئے بہت وسیع کی گئی اور بعض حصہ عمارات کے اور بھی بنائے گئے ہیں لہٰذا اب یہ مسجد اور رنگ پکڑ گئی ہے یعنی پہلے اس مسجد کی وسعت صرف اس قدر تھی کہ بمشکل دو سو آدمی اس میں نماز پڑھ سکتا تھا لیکن اب دو ہزار کے قریب اس میں نماز پڑھ سکتا ہے اور غالباً آئندہ اور بھی یہ مسجد وسیع ہو جائے گی۔ میرے دعوے کی ابتدائی حالت میں اس مسجد میں جمعہ کی نماز کے لئے زیادہ سے زیادہ پندرہ یا بیس آدمی جمع ہوا کرتے تھے لیکن اب خدا تعالیٰ کا یہ فضل ہے کہ تین سو یا چار سو نمازی ایک معمولی اندازہ ہے اور کبھی سات سو یا آٹھ سو تک بھی نمازیوں کی نوبت پہنچ جاتی ہے۔ لوگ دور دور سے نماز پڑھنے کے لئے آتے ہیں۔ یہ عجیب خدا تعالیٰ کی قدرت ہے کہ پنجاب اور ہندوستان کے مولویوں نے بہت زور مارا کہ ہمارا سلسلہ ٹوٹ جائے اور درہم برہم ہو جائے لیکن جوں جوں وہ بیخ کنی کے لئے کوشش کرتے گئے اور بھی ترقی ہوتی گئی اور ایک خارق عادت

طور پر یہ سلسلہ اس ملک میں پھیل گیا۔ سو یہ ایسا امر ہے کہ ان کے لئے جو آنکھیں رکھتے ہیں ایک نشان ہے۔ اگر یہ انسان کا کاروبار ہوتا تو ان مولویوں کی کوششوں سے کب کا نابود ہو جاتا مگر چونکہ یہ خدا کا کاروبار اور اس کے ہاتھ سے تھا اس لئے انسانی مزاحمت اس کو روک نہیں سکی۔

﴿ب﴾ اب اس مسجد کی تکمیل کے لئے ایک اَور تجویز قرار پائی ہے اور وہ یہ ہے کہ مسجد کی شرقی طرف جیسا کہ احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منشاء ہے ایک نہایت اونچا منارہ بنایا جائے اور وہ منارہ تین کاموں کے لئے مخصوص ہو:-

اوّل یہ کہ تا مؤذن اس پر چڑھ کر پنج وقت بانگِ نماز دیا کرے اور تا خدا کے پاک نام کی اونچی آواز سے دن رات میں پانچ دفعہ تبلیغ ہو اور تا مختصر لفظوں میں پنج وقت ہماری طرف سے انسانوں کو یہ ندا کی جائے کہ وہ ازلی اور ابدی خدا جس کی تمام انسانوں کو پرستش کرنی چاہیے صرف وہی خدا ہے جس کی طرف اس کا برگزیدہ اور پاک رسول محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم رہنمائی کرتا ہے۔ اس کے سوا نہ زمین میں نہ آسمان میں اَور کوئی خدا نہیں۔

دوسرا مطلب اس منارہ سے یہ ہوگا کہ اس منارہ کی دیوار کے کسی بہت اونچے حصے پر ایک بڑا لالٹین نصب کر دیا جائے گا جس کی قریباً ایک سَو روپیہ یا کچھ زیادہ قیمت ہوگی۔ یہ روشنی انسانوں کی آنکھیں روشن کرنے کے لئے دُور دُور جائے گی۔

تیسرا مطلب اس منارہ سے یہ ہوگا کہ اس منارہ کی دیوار کے کسی اونچے حصے پر ایک بڑا گھنٹہ جو چار سو یا پانسو روپیہ کی قیمت کا ہوگا نصب کر دیا جائے گا تا انسان اپنے وقت کو پہچانیں اور انسانوں کو وقت شناسی کی طرف توجہ ہو۔

یہ تینوں کام جو اس منارہ کے ذریعہ سے جاری ہوں گے ان کے اندر تین حقیقتیں مخفی ہیں۔ اوّل یہ کہ بانگ جو پانچ وقت اونچی آواز سے لوگوں کو پہنچائی جائے گی اس کے نیچے یہ حقیقت مخفی ہے کہ اب واقعی طور پر وقت آ گیا ہے کہ لا الٰہ الا اللّٰہ کی آواز ہر ایک کان تک پہنچے یعنی اب وقت خود بولتا ہے کہ اُس ازلی ابدی زندہ خدا کے سوا جس کی طرف

پاک رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے رہنمائی کی ہے اور سب خدا جو بنائے گئے ہیں باطل ہیں۔ کیوں باطل ہیں؟ اس لئے کہ اُن کے ماننے والے کوئی برکت اُن سے پا نہیں سکتے۔ کوئی نشان دکھا نہیں سکتے۔

دوسرے وہ لالٹین جو اس منارہ کی دیوار میں نصب کی جائے گی اس کے نیچے حقیقت یہ ہے کہ تا لوگ معلوم کریں کہ آسمانی روشنی کا زمانہ آ گیا اور جیسا کہ زمین نے اپنی ایجادوں میں قدم آگے بڑھایا ایسا ہی آسمان نے بھی چاہا کہ اپنے نوروں کو بہت صفائی سے ظاہر کرے تا حقیقت کے طالبوں کے لئے پھر تازگی کے دن آئیں اور ہر ایک آنکھ جو دیکھ سکتی ہے آسمانی روشنی کو دیکھے اور اُس روشنی کے ذریعہ سے غلطیوں سے بچ جائے۔

تیسرے وہ گھنٹہ جو اس منارہ کے کسی حصہ دیوار میں نصب کرایا جائے گا اس کے نیچے یہ حقیقت مخفی ہے کہ تا لوگ اپنے وقت کو پہچان لیں یعنی سمجھ لیں کہ آسمان کے دروازوں کے کھلنے کا وقت آ گیا۔ اب سے زمینی جہاد بند کئے گئے اور لڑائیوں کا خاتمہ ہو گیا جیسا کہ حدیثوں میں پہلے لکھا گیا تھا کہ جب مسیح آئے گا تو دین کے لئے لڑنا حرام کیا جائے گا۔ سو **آج سے دین کے لئے لڑنا حرام کیا گیا**۔ اب اس کے بعد جو دین کے لئے تلوار اُٹھاتا ہے اور غازی نام رکھا کر کافروں کو قتل کرتا ہے وہ خدا اور اس کے رسول کا نافرمان ہے۔ صحیح بخاری کو کھولو اور اُس حدیث کو پڑھو کہ جو مسیح موعود کے حق میں ہے یعنی **یضع الحرب** جس کے یہ معنے ہیں کہ جب مسیح آئے گا تو جہادی لڑائیوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔ سو مسیح آ چکا **اور یہی ہے جو تم سے بول رہا ہے**۔

غرض حدیث نبوی میں جو مسیح موعود کی نسبت لکھا گیا تھا کہ وہ منارہ بیضاء کے پاس نازل ہوگا اس سے یہی غرض تھی کہ مسیح موعود کے وقت کا یہ نشان ہے کہ اُس وقت بباعث دنیا کے باہمی میل جول کے اور نیز راہوں کے کھلنے اور سہولت ملاقات کی وجہ سے تبلیغ احکام اور دینی روشنی پہنچانا اور ندا کرنا ایسا سہل ہوگا کہ گویا یہ شخص منارہ پر کھڑا ہے۔ یہ اشارہ ریل اور تار اور اگن بوٹ اور انتظام ڈاک کی طرف تھا جس نے تمام دنیا کو

ایک شہر کی مانند کر دیا۔ غرض مسیح کے زمانہ کے لئے منارہ کے لفظ میں یہ اشارہ ہے کہ اُس کی روشنی اور آواز جلد تر دنیا میں پھیلے گی۔ اور یہ باتیں کسی اَور نبی کو میسّر نہیں آئیں۔ اور انجیل میں لکھا ہے کہ مسیح کا آنا ایسے زمانہ میں ہوگا جیسا کہ بجلی آسمان کے ایک کنارہ میں چمک کر تمام کناروں کو ایک دم میں روشن کر دیتی ہے یہ بھی اِسی امر کی طرف اشارہ تھا یہی وجہ ہے کہ چونکہ مسیح تمام دنیا کو روشنی پہنچانے آیا ہے اس لئے اُس کو پہلے سے یہ سب سامان دیئے گئے۔ وہ خون بہانے کے لئے نہیں بلکہ تمام دنیا کے لئے صلح کاری کا پیغام لایا ہے۔ اب کیوں انسانوں کے خون کئے جائیں۔ اگر کوئی سچ کا طالب ہے تو وہ خدا کے نشان دیکھے جو صدہا ظہور میں آئے اور آ رہے ہیں۔ اور اگر خدا کا طالب نہیں تو اُس کو چھوڑ دو اور اس کے قتل کی فکر میں مت ہو کیونکہ مَیں سچ سچ کہتا ہوں کہ اب وہ آخری دن نزدیک ہے جس سے تمام نبی جو دنیا میں آئے ڈراتے رہے۔

غرض یہ گھنٹہ جو وقت شناسی کے لئے لگایا جائے گا مسیح کے وقت کیلئے یاد دہانی ہے اور خود اس منارہ کے اندر ہی ایک حقیقت مخفی ہے اور وہ یہ کہ احادیث نبویہ میں متواتر آ چکا ہے کہ مسیح آنے والا صاحب المَنَارہ ہوگا یعنی اُس کے زمانہ میں اسلامی سچائی بلندی کے انتہا تک پہنچ جائے گی جو اس منارہ کی مانند ہے جو نہایت اونچا ہو۔ اور دین اسلام سب دینوں پر غالب آجائے گا اُسی کے مانند جیسا کہ کوئی شخص جب ایک بلند منار پر اذان دیتا ہے تو وہ آواز تمام آوازوں پر غالب آجاتی ہے۔ سو مقدّر تھا کہ ایسا ہی مسیح کے دنوں میں ہوگا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ[1]۔ یہ آیت مسیح موعود کے حق میں ہے اور اسلامی حجت کی وہ بلند آواز جس کے نیچے تمام آوازیں دب جائیں وہ ازل سے مسیح کے لئے خاص کی گئی ہے اور قدیم سے مسیح موعود کا قدم اس بلند مینار پر قرار دیا گیا ہے جس سے بڑھ کر اَور کوئی عمارت اونچی نہیں۔ اِسی کی طرف براہین احمدیہ کے اس الہام میں اشارہ ہے جو کتاب مذکور ﴿ث﴾

[1] الصّف:۱۰

کے صفحہ ۵۲۲ میں درج ہے۔ اور وہ یہ ہے:-''بخرام کہ وقت تو نزدیک رسید و پائے محمدیاں برمنار بلند تر محکم افتاد''۔ ایسا ہی مسیح موعود کی مسجد بھی مسجد اقصیٰ ہے کیونکہ وہ صدر اسلام سے دُور تر اور انتہائی زمانہ پر ہے۔ اور ایک روایت میں خدا کے پاک نبی نے یہ پیشگوئی کی تھی کہ مسیح موعود کا نزول مسجد اقصیٰ کے شرقی منارہ کے قریب ہوگا۔☆

☆ حاشیہ

بعض احادیث میں یہ پایا جاتا ہے کہ دمشق کے مشرقی طرف کوئی منارہ ہے جس کے قریب مسیح کا نزول ہوگا۔ سو یہ حدیث ہمارے مطلب سے کچھ منافی نہیں ہے کیونکہ ہم کئی دفعہ بیان کر چکے ہیں کہ ہمارا یہ گاؤں جس کا نام قادیاں ہے اور ہماری یہ مسجد جس کے قریب منارہ طیار ہوگا دمشق سے شرقی طرف ہی واقع ہیں۔ حدیث میں اس بات کی تصریح نہیں کہ وہ منارہ دمشق سے ملحق اور اُس کی ایک جزو ہوگا بلکہ اس کے شرقی طرف واقع ہوگا۔ پھر دوسری حدیث میں اس بات کی تصریح ہے کہ مسجد اقصیٰ کے قریب مسیح کا نزول ہوگا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ منارہ یہی مسجد اقصیٰ کا منارہ ہے اور دمشق کا ذکر اُس غرض کے لئے ہے جو ہم ابھی بیان کر چکے ہیں۔ اور مسجد اقصیٰ سے مراد اس جگہ یروشلم کی مسجد نہیں ہے بلکہ مسیح موعود کی مسجد ہے جو باعتبار بُعد زمانہ کے خدا کے نزدیک مسجد اقصیٰ ہے۔ اس سے کس کو انکار ہوسکتا ہے کہ جس مسجد کی مسیح موعود بنا کرے وہ اس لائق ہے کہ اس کو مسجد اقصیٰ کہا جائے جس کے معنے ہیں مسجد اَبْعد۔ کیونکہ جب کہ مسیح موعود کا وجود اسلام کے لئے ایک انتہائی دیوار ہے اور مقرر ہے کہ وہ آخری زمانہ میں اور بعید تر حصۂ دنیا میں آسمانی برکات کے ساتھ نازل ہوگا۔ اس لئے ہر ایک مسلمان کو یہ ماننا پڑتا ہے کہ مسیح موعود کی مسجد مسجد اقصیٰ ہے کیونکہ اسلامی زمانہ کا خط ممتد جو ہے اس کے انتہائی نقطہ پر مسیح موعود کا وجود ہے لہٰذا مسیح موعود کی مسجد پہلے زمانہ سے جو صدر اسلام ہے بہت ہی بعید ہے۔ سو اس وجہ سے مسجد اقصیٰ کہلانے کے لائق ہے اور اس مسجد اقصیٰ کا منارہ اس

اَب اے دوستو! یہ منارہ اس لئے طیار کیا جاتا ہے کہ تا حدیث کے موافق مسیح موعود کے زمانہ کی یادگار رہو اور نیز وہ عظیم پیشگوئی پوری ہو جائے جس کا ذکر قرآن شریف کی اِس آیت میں ہے کہ سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ

بقیہ حاشیہ

لائق ہے کہ تمام میناروں سے اونچا ہو کیونکہ یہ منارہ مسیح موعود کے احقاق حق اور صَرفِ ہمت اور اتمامِ حجّت اور اعلاء ملّت کی جسمانی طور پر تصویر ہے پس جیسا کہ اسلامی سچائی مسیح موعود کے ہاتھ سے اعلیٰ درجہ کے ارتفاع تک پہنچ گئی ہے اور مسیح کی ہمت ثریّا سے ایمان گم گشتہ کو واپس لا رہی ہے اسی کے مطابق یہ مینار بھی روحانی امور کی عظمت ظاہر کر رہا ہے۔ وہ آواز جو دنیا کے ہر چہار گوشہ میں پہنچائی جائے گی وہ روحانی طور پر بڑے اونچے مینار کو چاہتی ہے۔ قریبًا بیس برس ہوئے کہ مَیں نے اپنی کتاب براہین احمدیہ میں خدا تعالیٰ کا یہ کلام جو میری زبان پر جاری کیا گیا لکھا تھا۔ یعنی یہ کہ **انا انزلناہ قریبًا من القادیان. وبالحق انزلناہ وبالحق نزل صدق اللّٰہ ورسولہ وکان امر اللّٰہ مفعولا** ۔ دیکھو براہین احمدیہ صفحہ ۴۹۸۔ یعنی ہم نے اس مسیح موعود کو قادیان میں اتارا ہے اور وہ ضرورتِ حقہ کے ساتھ اتارا گیا اور ضرورت حقہ کے ساتھ اترا۔ خدا نے قرآن میں اور رسول نے حدیث میں جو کچھ فرمایا تھا وہ اُس کے آنے سے پورا ہوا۔ اس الہام کے وقت جیسا کہ مَیں کئی دفعہ لکھ چکا ہوں مجھے کشفی طور پر یہ بھی معلوم ہوا تھا کہ یہ الہام قرآن شریف میں لکھا ہوا ہے اور اس وقت عالم کشف میں میرے دل میں اس بات کا یقین تھا کہ قرآن شریف میں تین شہروں کا ذکر ہے یعنی مکہ اور مدینہ اور قادیاں کا۔ اس بات کو قریباً بیس برس ہو گئے جبکہ میں نے براہین احمدیہ میں لکھا تھا اب اس رسالہ کی تحریر کے وقت میرے پر یہ منکشف ہوا کہ جو کچھ براہین احمدیہ میں قادیان کے بارے میں کشفی طور پر میں نے لکھا یعنی یہ کہ اس کا ذکر قرآن شریف میں موجود ہے درحقیقت یہ صحیح بات ہے کیونکہ یہ یقینی امر ہے کہ

﴿ج﴾

﴿ج﴾ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ [1]۔ اور جس کے منارہ کا ذکر حدیث میں بھی ہے کہ مسیح کا نزول منارہ کے پاس ہوگا۔ دمشق کا ذکر اس حدیث میں جو مسلم نے بیان کی ہے اس غرض سے ہے کہ تین خدا بنانے کی تخم ریزی اوّل دمشق سے شروع ہوئی ہے اور مسیح موعود کا نزول اِس

بقیہ حاشیہ

قرآن شریف کی یہ آیت کہ سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ معراج مکانی اور زمانی دونوں پر مشتمل ہے اور بغیر اس کے معراج ناقص رہتا ہے پس جیسا کہ سیر مکانی کے لحاظ سے خدا تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد الحرام سے بیت المقدس تک پہنچا دیا تھا ایسا ہی سیر زمانی کے لحاظ سے آنجناب کو شوکت اسلام کے زمانہ سے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ تھا برکات اسلامی کے زمانہ تک جو مسیح موعود کا زمانہ ہے پہنچا دیا☆۔ پس اس پہلو کے رو سے جو اسلام کے انتہاء زمانہ تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سیر کشفی ہے مسجد اقصیٰ سے مراد مسیح موعود کی مسجد ہے جو قادیاں میں واقع ہے جس کی نسبت براہین احمدیہ میں خدا کا کلام یہ ہے۔ **مبارک و مبارک و کل امر مبارک یجعل فیہ** اور یہ مبارک کا لفظ جو بصیغہ مفعول اور فاعل واقع ہوا قرآن شریف کی آیت **بارکنا حولہ** کے مطابق ہے۔ پس کچھ شک نہیں جو قرآن شریف میں قادیان کا ذکر ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ۔ اس آیت کے ایک تو وہی معنے ہیں جو علماء میں مشہور ہیں یعنی یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکانی معراج کا یہ بیان ہے مگر

☆ حاشیہ در حاشیہ

شوکت اسلام کا زمانہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ تھا اس کا اثر غالب یہ تھا کہ حضرت موسیٰ کی طرح مومنوں کو کفار کے حملہ سے نجات دی اس لئے بیت اللہ کا نام بھی بیت آمن رکھا گیا۔ لیکن زمانہ برکات کا جو مسیح موعود کا زمانہ ہے اس کا یہ اثر ہے کہ ہر قسم کے آرام زمین میں پیدا ہو جائیں اور نہ صرف امن بلکہ عیش رغد بھی حاصل ہو۔ **منہ**

[1] بنی اسرائیل :۲

غرض سے ہے کہ تا تین کے خیالات کو محو کر کے پھر ایک خدا کا جلال دنیا میں قائم کرے۔ پس
﴿ح﴾ اِس اَیما کے لئے بیان کیا گیا کہ مسیح کا منارہ جس کے قریب اس کا نزول ہوگا دمشق سے شرقی
طرف ہے۔ اور یہ بات صحیح بھی ہے کیونکہ قادیان جو ضلع گورداسپور پنجاب میں ہے جو لاہور سے ☆

بقیہ حاشیہ

کچھ شک نہیں کہ اس کے سوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک زمانی معراج بھی تھا جس سے
یہ غرض تھی کہ تا آپ کی نظر کشفی کا کمال ظاہر ہو اور نیز ثابت ہو کہ مسیحی زمانہ کے برکات بھی
﴿ح﴾ درحقیقت آپ ہی کے برکات ہیں جو آپ کی توجہ اور ہمت سے پیدا ہوئی ہیں۔ اسی وجہ سے
مسیح ایک طور سے آپ ہی کا روپ ہے۔ اور وہ معراج یعنی بلوغ نظر کشفی دنیا کی انتہا تک
تھا جو مسیح کے زمانہ سے تعبیر کیا جاتا ہے اور اس معراج میں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
مسجد الحرام سے مسجد اقصیٰ تک سیر فرما ہوئے وہ مسجد اقصیٰ یہی ہے جو قادیاں میں بجانب
مشرق واقع ہے جس کا نام خدا کے کلام نے مبارک رکھا ہے۔ یہ مسجد جسمانی طور پر مسیح موعود
کے حکم سے بنائی گئی ہے اور روحانی طور پر مسیح موعود کے برکات اور کمالات کی تصویر ہے جو
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے بطور موہبت ہیں اور جیسا کہ مسجد الحرام کی روحانیت
حضرت آدم اور حضرت ابراہیم کے کمالات ہیں اور بیت المقدس کی روحانیت انبیاء
بنی اسرائیل کے کمالات ہیں ایسا ہی مسیح موعود کی یہ مسجد اقصیٰ جس کا قرآن شریف میں ذکر
ہے اس کے روحانی کمالات کی تصویر ہے۔

پس اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج میں زمانہ گذشتہ
کی طرف صعود ہے اور زمانہ آئندہ کی طرف نزول ہے اور ماحصل اس معراج کا یہ ہے کہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خیر الاولین والآخرین ہیں۔ معراج جو مسجد الحرام سے شروع ہوا اِس
میں یہ اشارہ ہے کہ صفی اللہ آدم کے تمام کمالات اور ابراہیم خلیل اللہ کے تمام کمالات آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود تھے اور پھر اس جگہ سے قدم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکانی سیر

☆ سہو کتابت معلوم ہوتا ہے'' لاہور جس سے ''ہونا چاہیے۔ (ناشر)

گوشہ مغرب اور جنوب میں واقع ہے وہ دمشق سے ٹھیک ٹھیک شرقی جانب پڑی ہے۔ ﴿خ﴾
پس اِس سے ثابت ہوا کہ یہ منارۃ المسیح بھی دمشق سے شرقی جانب واقع ہے۔ ہر ایک طالبِ حق کو چاہئے کہ دمشق کے لفظ پر خوب غور کرے کہ اِس میں حکمت کیا ہے کہ یہ

بقیہ حاشیہ

کے طور پر بیت المقدس کی طرف گیا اور اس میں یہ اشارہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں تمام اسرائیلی نبیوں کے کمالات بھی موجود ہیں۔ اور پھر اس جگہ سے قدم آنجناب علیہ السلام زمانی سیر کے طور پر اس مسجد اقصیٰ تک گیا جو مسیح موعود کی مسجد ہے یعنی کشفی نظر اس آخری زمانہ تک جو مسیح موعود کا زمانہ کہلاتا ہے پہنچ گئی۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ تھا کہ جو کچھ مسیح موعود کو دیا گیا وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں موجود ہے۔ اور پھر قدم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آسمانی سیر کے طور پر اوپر کی طرف گیا اور مرتبہ قَابَ قَوْسَیْن کا پایا۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مظہر صفاتِ الٰہیہ اتم اور اکمل طور پر تھے۔ غرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اس قسم کا معراج یعنی مسجد الحرام سے مسجد اقصیٰ تک جو زمانی مکانی دونوں رنگ کی سیر تھی اور نیز خدا تعالیٰ کی طرف ایک سیر تھا جو مکان اور زمان دونوں سے پاک تھا۔ اس جدید طرز کی معراج سے غرض یہ تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خیر الاولین والآخرین ہیں اور نیز خدا تعالیٰ کی طرف سیران کا اس نقطہ ارتفاع پر ہے کہ اِس سے بڑھ کر کسی انسان کو گنجائش نہیں۔ مگر اس حاشیہ میں ہماری صرف یہ غرض ہے کہ جیسا کہ آج سے بیس برس پہلے براہین احمدیہ میں کشفی طور پر لکھا گیا تھا کہ قرآن شریف میں قادیاں کا ذکر ہے۔ یہ کشف نہایت صحیح اور درست تھا کیونکہ زمانی رنگ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معراج ﴿خ﴾
اور مسجد اقصیٰ کی طرف سیر مسجد الحرام سے شروع ہو کر یہ کسی طرح صحیح نہیں ہو سکتا جب تک ایسی مسجد تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سیر تسلیم نہ کیا جائے جو باعتبار بُعد زمانہ کے مسجد اقصیٰ ہو۔ اور ظاہر ہے کہ مسیح موعود کا وہ زمانہ ہے جو اسلامی سمندر کا بمقابلہ زمانہ

﴿۱﴾ لکھا گیا ہے کہ مسیح موعود دمشق کے شرقی طرف نازل ہوگا۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کی قرار داد باتیں صرف امور اتفاقیہ نہیں ہو سکتے بلکہ ان کے نیچے اسرار اور رموز ہوتے ہیں وجہ یہ کہ خدا تعالیٰ کی تمام باتیں رموز اور اسرار سے پُر ہیں۔

بقیہ حاشیہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دوسرا کنارہ ہے ابتدا سیر کا جو مسجد الحرام سے بیان کیا گیا اور انتہا سیر کا جو اس بہت دور مسجد تک مقرر کیا گیا جس کے اردگرد کو برکت دی گئی۔ یہ برکت دینا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ زمانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں شوکتِ اسلام ظاہر کی گئی اور حرام کیا گیا کہ کفار کا دست تعدّی اسلام کو مٹادے جیسا کہ آیت وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا [1] سے ظاہر ہے۔ لیکن زمانہ مسیح موعود میں جس کا دوسرا نام مہدی بھی ہے تمام قوموں پر اسلام کی برکتیں ثابت کی جائیں گی اور دکھلایا جائے گا کہ ایک اسلام ہی بابرکت مذہب ہے جیسا کہ بیان کیا گیا کہ وہ ایسا برکات کا زمانہ ہوگا کہ دنیا میں صلح کاری کی برکت پھیلے گی اور آسمان اپنے نشانوں کے ساتھ برکتیں دکھلائے گا اور زمین میں طرح طرح کے پھلوں کے دستیاب ہونے اور طرح طرح کے آراموں سے اس قدر برکتیں پھیل جائیں گی جو اس سے پہلے کبھی نہیں پھیلی ہوں گی۔ اسی وجہ سے مسیح موعود اور مہدی معہود کے زمانہ کا نام احادیث میں زمان البرکات ہے جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ ہزار ہا نئی ایجادوں نے کیسی زمین پر برکتیں اور آرام پھیلا دیئے ہیں کیونکہ ریل کے ذریعہ سے مشرق اور مغرب کے میوے ایک جگہ اکٹھے ہو سکتے ہیں اور تار کے ذریعہ سے ہزاروں کوسوں کی خبریں پہنچ جاتی ہیں۔ سفر کی وہ تمام مصیبتیں یکدفعہ دور ہوگئیں جو پہلے زمانوں میں تھیں۔

غرض اس زمانہ کا نام جس میں ہم ہیں زمان البرکات ہے لیکن ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ زمان التائیدات اور دفع الآفات تھا اور اُس زمانہ میں خدا تعالیٰ کا بھاری مقصد دفع شر تھا۔ چنانچہ خدا تعالیٰ نے اُس زمانہ میں اسلام کو اپنے قوی ہاتھ سے دشمنوں سے بچایا اور دشمنوں کو یوں ہانک دیا جیسا کہ ایک مرد مضبوط اپنی لاٹھی سے کتوں کو ہانک دیتا ہے۔

[1] اٰل عمران : ۹۸

اب ہمارے مخالف گو اس دمشقی حدیث کو بار بار پڑھتے ہیں مگر وہ اس کا جواب نہیں دے سکتے کہ یہ جو اس حدیث میں بتلایا گیا ہے کہ مسیح موعود دمشق کی شرقی طرف کے منارہ کے قریب نازل ہوگا اس میں کیا بھید ہے بلکہ انہوں نے محض ایک کہانی کی طرح

بقیہ حاشیہ

پس چونکہ مسیح اور مہدی موعود کا زمانہ زمان البرکات تھا اسی لئے خدا تعالیٰ نے اس کے حق میں فرمایا بَارَكْنَا حَوْلَهٗ یعنی مسیح موعود کی فرودگاہ کے اردگرد جہاں نظر ڈالو گے ہر طرف سے برکتیں نظر آئیں گی چنانچہ تم دیکھتے ہو کہ زمین کیسی آباد ہوگئی باغ کیسے بکثرت ہوگئے نہریں کیسی بکثرت جاری ہوگئیں تمدنی آرام کی چیزیں کیسی کثرت سے موجود ہوگئیں۔ پس یہ زمینی برکات ہیں۔ اور جیسے اس زمانہ میں زمینی اور آسمانی برکتیں بکثرت ظاہر ہوگئی ہیں ایسا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تائیدات کا بھی ایک دریا چل رہا تھا۔

فحاصل البیان ان الزمان زمانان. زمان التائیدات ودفع الآفات و زمان البرکات والطیبات والیه اشار عزاسمه بقوله سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ فاعلم ان لفظ مسجد الحرام فی قوله تعالٰی یدل علٰی زمانٍ فیه ظهرت عزة حرمات الله بتائید من اللّٰه وظهرت عزة حدوده واحکامه و فرائضه وتَرَاءت شوکة دینه ورعب ملّته. وهو زمان نبینا صلی اللّٰه علیه وسلم. والمسجد الحرام البیت الذی بناه ابراهیم علیه السلام فی مکة وهو موجود الٰی هٰذا الوقت حرسه اللّٰه من کلّ آفة. واما قوله عزّاسمه بعد هٰذا القول اعنی اَلْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ فیدل علٰی زمانٍ فیه یظهر برکاتٍ فی الارض من کل جهة کما ذکرناه انفا وهو زمان المسیح الموعود والمهدی المعهود والمسجد الاقصٰی هو المسجد الذی بناه المسیح الموعود فی القادیان

اِس حدیث کو سمجھ لیا ہے۔ لیکن یاد رہے کہ یہ کہانی نہیں ہے اور خدا تعالیٰ لغو کاموں سے پاک ہے بلکہ اس حدیث کے ان الفاظ میں جو اول دمشق کا ذکر فرمایا اور پھر اس کے شرقی طرف ایک منارہ قرار دیا ایک عظیم الشان راز ہے اور وہ وہی ہے جو ابھی ہم بیان کر چکے ہیں۔ یعنی یہ کہ تثلیث اور تین خداؤں کی بنیاد دمشق سے ہی پڑی تھی۔ کیا ہی منحوس وہ دن تھا جب پولوس یہودی ایک خواب کا منصوبہ بنا کر دمشق میں داخل ہوا اور بعض سادہ لوح عیسائیوں کے پاس یہ ظاہر کیا کہ خداوند مسیح مجھے دکھائی دیا اور اس تعلیم کے شائع کرنے کیلئے ارشاد فرمایا کہ گویا وہ بھی ایک خدا ہے بس وہی خواب تثلیث کے مذہب کی تخم ریزی تھی۔ غرض یہ شرکِ عظیم کا کھیت اول دمشق میں ہی بڑھا اور پھولا اور پھر یہ زہر اَور اَور جگہوں میں پھیلتی گئی۔ پس چونکہ خدا تعالیٰ کو معلوم تھا کہ انسان کو خدا بنانے کا بنیادی پتھر اول دمشق میں ہی رکھا گیا اِس لئے خدا نے اُس زمانہ کے ذکر کے وقت کہ جب غیرت خداوندی اس باطل تعلیم کو نابود کرے گی پھر دمشق کا ذکر فرمایا اور کہا کہ مسیح کا منارہ یعنی اُس کے نور کے ظاہر ہونے کی جگہ دمشق کی مشرقی طرف ہے۔ اِس عبارت سے یہ مطلب نہیں تھا کہ وہ منارہ دمشق کی

بقیہ حاشیہ

سُمّی اَقْصٰی لبُعْدہ من زمان النبوّۃ ولماوقع فی اقصٰی طرفٍ من زمن ابتداء الاسلام فتدبر ھٰذا المقام فانہ اودع اسرارًا من اللّٰہ العلام.

خلاصہ کلام یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معراج تین قسم پر منقسم ہے۔ سیر مکانی اور سیر زمانی اور سیر لامکانی ولازمانی سَیر مکانی میں اشارہ ہے طرف غلبہ اور فتوحات پر یعنی یہ اشارہ کہ اسلامی ملک مکہ سے بیت المقدس تک پھیلے گا۔ اور سیر زمانی میں اشارہ ہے طرف تعلیمات اور تاثیرات کے یعنی یہ کہ مسیح موعود کا زمانہ بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تاثیرات سے تربیت یافتہ ہوگا جیسا کہ قرآن شریف میں فرمایا ہے وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ [1]۔ اور سیر لامکانی ولازمانی میں اشارہ ہے طرف اعلیٰ درجہ کے قرب اللہ اور مدانات کی جس پر دائرہ امکانِ قرب کا ختم ہے۔ فافھم. منہ

[1] الجمعة: ۴

ایک جُز ہے اور دمشق میں واقع ہے جیسا کہ بدقسمتی سے سمجھا گیا بلکہ مطلب یہ تھا کہ مسیح موعود کا نور آفتاب کی طرح دمشق کے مشرقی جانب سے طلوع کر کے مغربی تاریکی کو دُور کرے گا اور یہ ایک لطیف اشارہ تھا کیونکہ مسیح کے منارہ کو جس کے قریب اس کا نزول ہے دمشق کے مشرقی طرف قرار دیا گیا اور دمشقی تثلیث کو اس کے مغربی طرف رکھا اور اس طرح آنے والے زمانہ کی نسبت یہ پیشگوئی کی کہ جب مسیح موعود آئے گا تو آفتاب کی طرح جو مشرق سے نکلتا ہے ظہور فرمائے گا اور اس کے مقابل پر تثلیث کا چراغ مردہ جو مغرب کی طرف واقع ہے دن بدن پژمردہ ہوتا جائے گا کیونکہ مشرق سے نکلنا خدا کی کتابوں سے اقبال کی نشانی قرار دی گئی ہے اور مغرب کی طرف جانا ادبار کی نشانی اور اسی نشانی کی طرف ایما کرنے کے لئے خدا تعالیٰ نے قادیاں کو جو مسیح موعود کا نزول گاہ ہے دمشق سے مشرق کی طرف آباد کیا اور دمشق کو اُس سے مغرب کی طرف رکھا۔ بڑا دھوکا ﴿ز﴾ ہمارے مخالفوں کو یہ لگا ہے کہ انہوں نے حدیث کے لفظوں میں یہ دیکھ کر کہ مسیح موعود اس منارہ کے قریب نازل ہوگا جو دمشق کی شرقی طرف ہے یہ سمجھ لیا کہ وہ منارہ دمشق میں ہی واقع ہے حالانکہ دمشق میں ایسے منارہ کا وجود نہیں اور یہ خیال نہیں کیا کہ اگر کہا جائے کہ اگر مثلاً فلاں جگہ فلاں شہر کے شرقی طرف ہے تو کیا ہمیشہ اس سے یہ مراد ہوا کرتا ہے کہ وہ جگہ اس شہر سے پیوستہ ہے؟ اور اگر حدیث میں ایسے لفظ بھی ہوتے جن سے قطعی طور پر یہی سمجھا جاتا کہ وہ منارہ دمشق کے ساتھ پیوستہ ہے اور دوسرے احتمال کی راہ نہ ہوتی تا ہم ایسا بیان دوسرے قرائن کے مقابل پر قابل قبول نہ ہوتا۔ مگر اب چونکہ حدیث پر غور کرنے سے صاف طور پر سمجھ آتا ہے کہ اس حدیث کا صرف یہ منشا ہے کہ وہ منارہ دمشق کی شرقی طرف ہے نہ درحقیقت اُس شہر کا ایک حصّہ تو دیانت سے بعید اور عقلمندی سے دُور ہے کہ خدا تعالیٰ کی اُن حکمتوں اور بھیدوں کو نظر انداز کر کے جن کو ہم نے اس اشتہار میں بیان کر دیا ہے بیوجہ اس بات پر زور ڈالا جائے کہ وہ منارہ جس کے قریب مسیح کا نزول ہے وہ دمشق میں واقع ہے

بلکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس منارہ سے اُس مسجد اقصیٰ کا منارہ مُراد لیا ہے جو دمشق سے شرقی طرف واقع ہے یعنی مسیح موعود کی مسجد جو حال میں وسیع کی گئی ہے اور عمارت بھی زیادہ کی گئی اور یہ مسجد فی الحقیقت دمشق سے شرقی طرف واقع ہے۔ اور یہ مسجد صرف اس غرض سے وسیع کی گئی اور بنائی گئی ہے کہ تا دمشقی مفاسد کی اصلاح کرے۔ اور یہ منارہ وہ منارہ ہے جس کی ضرورت احادیثِ نبویہ میں تسلیم کی گئی۔ اور اس منارۃ المسیح کا خرچ دس ہزار روپیہ سے کم نہیں ہے۔ اب جو دوست اس منارہ کی تعمیر کے لئے مدد کریں گے مَیں یقیناً سمجھتا ہوں کہ وہ ایک بھاری خدمت کو انجام دیں گے۔ اور مَیں یقیناً جانتا ہوں کہ ایسے موقع پر خرچ کرنا ہرگز ہرگز ان کے نقصان کا باعث نہیں ہوگا۔ وہ خدا کو قرض دیں گے اور مع سود واپس لیں گے۔ کاش ان کے دل سمجھیں کہ اس کام کی خدا کے نزدیک کس قدر عظمت ہے۔ جس خدا نے منارہ کا حکم دیا ہے اُس نے اِس بات کی طرف اشارہ کر دیا ہے کہ اسلام کی مُردہ حالت میں اِسی جگہ سے زندگی کی رُوح پھونکی جائے گی اور یہ فتح نمایاں کا میدان ہوگا۔ مگر یہ فتح اُن ہتھیاروں کے ساتھ نہیں ہوگی جو انسان بناتے ہیں بلکہ آسمانی حربہ کے ساتھ ہے جس حربہ سے فرشتے کام لیتے ہیں۔

آج سے انسانی جہاد جو تلوار سے کیا جاتا تھا خدا کے حکم کے ساتھ بند کیا گیا۔ اب اس کے بعد جو شخص کافر پر تلوار اُٹھاتا ہے اور اپنا نام غازی رکھتا ہے وہ اُس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کرتا ہے جس نے آج سے تیرہ سو برس پہلے فرما دیا ہے کہ مسیح موعود کے آنے پر تمام تلوار کے جہاد ختم ہو جائیں گے۔ سو اب میرے ظہور کے بعد

تلوار کا کوئی جہاد نہیں۔ ہماری طرف سے امان اور صلح کاری کا سفید جھنڈا بلند کیا گیا ہے۔ خدا تعالیٰ کی طرف دعوت کرنے کی ایک راہ نہیں۔

پس جس راہ پر نادان لوگ اعتراض کر چکے ہیں خدا تعالیٰ کی حکمت اور مصلحت نہیں چاہتی کہ اُسی راہ کو پھر اختیار کیا جائے۔ اِس کی ایسی ہی مثال ہے کہ جیسے جن نشانوں کی پہلے تکذیب ہو چکی وہ ہمارے سید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیئے گئے۔

لہٰذا مسیح موعود اپنی فوج کو اس ممنوع مقام سے پیچھے ہٹ جانے کا حکم دیتا ہے جو بدی کا بدی کے ساتھ مقابلہ کرتا ہے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ اپنے تئیں شریر کے حملہ سے بچاؤ مگر خود شریرانہ مقابلہ مت کرو۔ جو شخص ایک شخص کو اس غرض سے تلخ دوا دیتا ہے کہ تا وہ اچھا ہو جائے وہ اس سے نیکی کرتا ہے ایسے آدمی کی نسبت ہم نہیں کہتے کہ اُس نے بدی کا بدی سے مقابلہ کیا۔ ہر ایک نیکی اور بدی نیت سے ہی پیدا ہوتی ہے۔ پس چاہئے کہ تمہاری نیت کبھی ناپاک نہ ہو تا تم فرشتوں کی طرح ہو جاؤ۔

یہ اشتہار منارہ کے بننے کے لئے لکھا گیا ہے مگر یاد رہے کہ مسجد کی بعض جگہ کی عمارات بھی ابھی نادرست ہیں اس لئے یہ قرار پایا ہے کہ جو کچھ منارۃ المسیح کے مصارف میں سے بچے گا وہ مسجد کی دوسری عمارت پر لگا دیا جائے گا۔ یہ کام بہت جلدی کا ہے۔ دلوں کو کھولو اور خدا کو راضی کرو۔ یہ روپیہ بہت سی برکتیں ساتھ لے کر پھر آپ لوگوں کی طرف واپس آئے گا مَیں اِس سے زیادہ کہنا نہیں چاہتا۔ اور ختم کرتا ہوں اور خدا کے سپرد۔

بالآخر میں ایک ضروری امر کی طرف اپنے دوستوں کو توجہ دلاتا ہوں کہ اس منارہ میں ہماری یہ بھی غرض ہے کہ مینار کے اندر یا جیسا کہ مناسب ہو ایک گول کمرہ یا کسی اور وضع کا کمرہ بنا دیا جائے جس میں کم سے کم سو آدمی بیٹھ سکے اور یہ کمرہ وعظ اور مذہبی تقریروں کے لئے کام آئے گا کیونکہ ہمارا ارادہ ہے کہ سال میں ایک یا دو دفعہ قادیاں میں مذہبی تقریروں کا ایک جلسہ ہوا کرے اور اُس جلسہ میں ہر ایک شخص مسلمانوں اور ہندوؤں اور آریوں اور عیسائیوں اور سکھوں میں سے اپنے مذہب کی خوبیاں بیان کرے مگر یہ شرط ہوگی کہ دوسرے مذہب پر کسی قسم کا حملہ نہ کرے فقط اپنے مذہب اور اپنے مذہب کی تائید میں جو چاہے تہذیب سے کہے اس لئے لکھا جاتا ہے کہ ہمارے دوست اس اشتہار کو ہر ایک کاریگر معمار کو دکھلائیں اور اگر وہ کوئی عمدہ نمونہ اس مینارہ کا جس میں دونوں مطلب مذکورہ بالا پورے ہو سکتے ہوں تو بہت جلد ہمیں اس سے اطلاع دیں۔

والسلام

خاکسار مرزا غلام احمد از قادیاں

۲۸ رمئی ۱۹۰۰ء

مطبوعہ ضیاء الاسلام پریس قادیاں

﴿۱﴾

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم

یَاعِبَادَ اللّٰہِ فَکِّرُوْا فِیْ یَوْمِکُمْ ھٰذَا یَوْمِ الْاَضْحٰی - فَاِنَّہٗ

اے بندگانِ خدا دریں روز شما کہ روز عید قربان است بیندیشید و فکر کنید چرا کہ

اے خدا کے بندو اپنے اس دن میں کہ جو بقرعید کا دن ہے غور کرو اور سوچو کیونکہ

اُوْدِعَ اَسْرَارًا لِاُولِی النُّھٰی وَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ فِیْ ھٰذَا الْیَوْمِ

دریں قربانی ہا از بہر دانشمنداں راز ہا ودیعت نہادہ اند۔ ومعلوم شماست کہ دریں روز

اِن قربانیوں میں عقلمندوں کیلئے بھید پوشیدہ رکھے گئے ہیں۔ اور آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ

یُضَحّٰی بِکَثِیْرٍ مِنَ الْعَجْمَاوَاتِ- وَتُنْحَرُ اِبَالٌ مِّنَ الْجِمَالِ وَ

بسیارے از جانوران ذبح کردہ می شوند وگلہ ہائے اشتراں و گلہ ہائے گاواں

اس دن بہت سے جانور ذبح کئے جاتے ہیں اور کئی گلے اونٹوں کے اور کئی

خَنَاطِیْلُ مِنَ الْبَقَرَاتِ – وَتُذْبَحُ اَقَاطِیْعُ مِنَ الْغَنَمِ

مے کشند ۔ ورمہ ہا از گوسپنداں قربانی مے کنند۔ وایں ہمہ از بہر

گلے گائیوں کے ذبح کرتے ہیں۔ اور کئی ریوڑ بکریوں کے قربانی کرتے ہیں

اِبْتِغَاءَ مَرْضَاتِ رَبِّ الْکَائِنَاتِ – وَکَذَالِکَ یُفْعَلُ

رضا جوئی حق سبحانہ کردہ مے شود ۔ و ہم چنیں از ابتدائے زمانہ

اور یہ سب کچھ خدا تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے کیا جاتا ہے ۔ اور اسی طرح

مِنْ اِبْتِدَاءِ زَمَانِ الْاِسْلَامِ - اِلٰی هٰذِهِ الْاَیَّامِ - وَ

اسلام تا ایں ایام کردہ مے شود وگمان من این است کہ ایں
زمانہ اسلام کے ابتدا سے ان دنوں تک کیا جاتا ہے ۔ اور میرا گمان ہے

﴿۲﴾ ظَنِّیْ اَنَّ الْاَضَاحِیَ فِیْ شَرِیْعَتِنَا الْغَرَّاءِ - قَدْخَرَجَتْ

قربانیہا کہ درشریعت روشن مامے کنند از حد شمار بیروں ہستند وسبقت بردہ
کہ یہ قربانیاں جو ہماری اس روشن شریعت میں ہوتی ہیں احاطہ شمار سے

مِنْ حَدِّ الْاِحْصَاءِ – وَفَاقَتْ ضَحَایَا الَّذِیْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ

اند برآں قربانیہا کہ مردمان از اُمت ہائے سابقہ کہ امت انبیاء
باہر ہیں۔ اور ان کو اُن قربانیوں پر سبقت ہے کہ جو نبیوں کی پہلی امتوں کے

مِنْ اُمَمِ الْاَنْبِیَاءِ – وَبَلَغَتْ کَثْرَةُ الذَّبَائِحِ اِلٰی حَدٍّ غُطِّیَ

علیہم السلام بودند می کردند۔ وکثرت ذبیحہ ہا بحدّے رسیدہ است کہ پوشیدہ شد
لوگ کیا کرتے تھے اورقربانیوں کی کثرت اس حد تک پہنچ گئی ہے کہ ان کے

بِهٖ وَجْهُ الْاَرْضِ مِنَ الدِّمَاءِ – حَتّٰی لَوْجُمِعَتْ دِمَاءُ هَا

روئے زمین از خون آں ہا۔ بحدّے کہ اگر جمع کردہ شوند آں خون ہا
خونوں سے زمین کا منہ چھپ گیا ہے۔ یہاں تک کہ اگر اُن کے خون جمع کئے

وَاُرِیْدُ اِجْرَاءُ هَا لَجَرَتْ مِنْهَا الْاَنْهَارُ– وَسَالَتِ الْبِحَارُ

و ارادہ کردہ شود کہ آنہارا جاری کنند البتہ از اں ہا نہرہا جاری شوند و دریاہا بروند
جائیں اوراُن کے جاری کرنے کا ارادہ کیا جائے تو البتہ ان سے نہریں جاری ہو جائیں اور دریا بہ نکلیں

وَفَاضَتِ الْغُدْرُ وَالْاَوْدِیَةُ الْکِبَارُ – وَقَدْعُدَّ هٰذَا

وتمام زمین ہائے نشیب و وادیہائے بزرگ ازخون رواں گردند ۔ وایں کار در دین ما
اور زمین کے تمام نشیبوں اور وادیوں میں خون رواں ہونے لگے ۔ اور یہ کام

الْعَمْلُ فِیْ مِلَّتِنَا مِمَّا یُقَرِّبُ اِلَی اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ – وَحُسِبَ

ازاں کارہا شمارکردہ شدہ است کہ موجب قرب او سبحانہٗ مے باشند۔ وہمچو آں

ہمارے دین میں ان کاموں میں سے شمار کیا گیا ہے کہ جو اللہ تعالیٰ کے قرب کا موجب ہوتے ہیں اور اُس

﴿۳﴾ كَمَطِيَّةٍ تُحَاكِي الْبَرْقَ فِي السَّيْرِ وَلُمْعَانه - فَلِاَجْلِ ذَالِكَ

مرکبے پنداشتہ اند کہ درسیر خود برق رامشابہ باشد و بدرخش آں بماند پس از بہر ہمیں سبب

سواری کی طرح یہ سمجھے گئے ہیں کہ جو اپنی سیر میں بجلی سے مشابہ ہو جس کو بجلی کی چمک سے مماثلت حاصل ہو اور

سُمِّيَ الضَّحَايَا قُرْبَانًا - بِمَا وَرَدَ اِنَّهَا تَزِيْدُ قُرْبًا وَلُقْيَانًا -

ایں ذبیحہ ہا راقربانی نام نہادہ اند چرا کہ در احادیث واردشدہ کہ آنہا موجب قربت وملاقات اوسبحانہ ہستند

اِسی وجہ سے ان ذبح ہونیوالے جانوروں کا نام قربانی رکھا گیا کیونکہ حدیثوں میں آیا ہے کہ یہ قربانیاں خدا تعالیٰ کے قرب اور ملاقات

كُلَّ مَنْ قَرَّبَ اِخْلَاصًا وَتَعَبُّدًا وَاِيْمَانًا - وَاِنَّهَا مِنْ اَعْظَمِ

کسے را کہ قربانی بگذارد از روئے اخلاص و خدا پرستی و ایمان داری ۔ وایں قربانی ہا از بزرگتر

کا موجب ہیں اس شخص کے لئے کہ جو قربانی کو اخلاص اور خدا پرستی اور ایمان داری سے ادا کرتا ہے اور یہ قربانیاں شریعت کی

نُسُكِ الشَّرِيْعَةِ - وَلِذَالِكَ سُمِّيَتْ بِالنَّسِيْكَةِ -وَالنُّسُكُ

عبادات شریعت ہستند واز بہر ہمیں وجہ نام اینہا نسیکہ داشتہ اند و نُسُک در زبان عربی

بزرگ تر عبادتوں میں سے ہیں اور اسی لئے قربانی کا نام عربی میں نسیکہ ہے اور نُسُک کا لفظ عربی زبان میں

اَلطَّاعَةُ وَالْعِبَادَةُ فِي اللِّسَانِ الْعَرَبِيَّةِ - وَكَذَالِكَ جَاءَ

بمعنی فرمانبرداری و بندگی آمدہ ۔ ہم چنیں ایں لفظ نُسُك

فرمانبرداری اور بندگی کے معنوں میں آتا ہے اور ایسا ہی یہ لفظ یعنی نُسُك

لَفْظُ النُّسُكِ بِمَعْنَى ذَبْحِ الذَّبِيْحَةِ - فَهٰذَ الْاِشْتِرَاكُ

بمعنی ذبح کردن جانورانے کہ ذبح کردنی ہستند نیز ہم در لُغت مذکور مستعمل شدہ۔ پس ایں اشتراک

اُن جانوروں کے ذبح کرنے پر بھی زبان مذکور میں استعمال پاتا ہے جن کا ذبح کرنا مشروع ہے۔ پس یہ اشتراک کہ جو

يَدُلُّ قَطْعًا عَلٰى اَنَّ الْعَابِدَ فِى الْحَقِيْقَةِ هُوَ الَّذِىْ ذَبَحَ

کہ در معنی لفظ نسک یافتہ می شود ایں را بریں امر دلالت قطعی است کہ در حقیقت عابد و پرستار ہماں کس تواند بود کہ

نسک کے معنوں میں پایا جاتا ہے قطعی طور پر اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ حقیقی پرستار اور سچا عابد وہی شخص ہے

نَفْسَهٗ وَقُوَاهُ - وَكُلَّ مَنْ اَصْبَاهُ لِرِضٰى رَبِّ الْخَلِيْقَةِ ﴿۴﴾

نفس خود را و ہمہ قوتہائے خود را وہمہ آں چیز ہا را کہ دل او بردہ اند و محبوب او شدہ اند برائے رضا جوئی پروردگار

جس نے اپنے نفس کو مع اس کی تمام قوتوں اور مع اس کے اُن محبوبوں کے جن کی طرف اُس کا دِل کھینچا گیا ہے اپنے رب کی

وَ ذَبِّ الْهَوٰى - حَتّٰى تَهَافَتَ وَانْمَحٰى - وَذَابَ

خود ذبح کردہ است و خواہش نفسانی را دفع کردہ است بحدیکہ آں خواہش پارہ پارہ شدہ بیفتاد و از و نشانے نماند

رضا جوئی کیلئے ذبح کر ڈالا ہے اور خواہش نفسانی کو دفع کیا یہاں تک کہ تمام خواہشیں پارہ پارہ ہو کر گر پڑیں اور نابود

وَغَابَ وَاخْتَفٰى - وَهَبَّتْ عَلَيْهِ عَوَاصِفُ الْفَنَاءِ -

و پوشیدہ شد و پنہاں گردید۔ و برد تند بادہائے فنا و نیستی بوزیدند

ہوگئیں اور وہ خود بھی گداز ہوگیا اور اسکے وجود کا کچھ نمود نہ رہا اور چھپ گیا اور فنا کی تُند ہوائیں اس پر چلیں اور

وَسَفَتْ ذَرَّاتِهٖ شَدَائِدُ هٰذِهِ الْهَوْجَاءِ - وَمَنْ

و ذرّہ ہائے او را سختی ہائے بادتند از جا ببرد۔ و ہر کہ دریں

اس کے وجود کے ذرّات کو اس ہوا کے سخت دھکّے اُڑا کر لے گئے ۔ اور جس شخص نے

فَكَّرَ فِىْ هٰذَيْنِ الْمَفْهُوْمَيْنِ الْمُشْتَرِكَيْنِ - وَتَدَبَّرَ

ہر دو مفہوم کہ باہم در لفظ نسک اشتراک می دارند غور کردہ باشد

ان دونوں مفہوموں میں کہ جو باہم نسک کے لفظ میں مشارکت رکھتے ہیں غور کی ہوگی اور اس مقام کو تدبّر

الْمَقَامَ بِتَيَقُّظِ الْقَلْبِ وَفَتْحِ الْعَيْنَيْنِ - فَلَا يَبْقٰى

وایں مقام را بنگاہ تدبّر دیدہ و بہ بیداریٔ دل و کشادن ہر دو چشم ہمہ پیش و پس آنرا زیر نظر داشتہ باشد۔ پس

کی نگاہ سے دیکھا ہوگا اور اپنے دل کی بیداری اور دونوں آنکھوں کے کھولنے سے پیش و پس کو زیر نظر رکھا ہوگا پس اُس پر

لَـهٗ خِـفَـاءٌ وَلَا مِـرَاءٌ - فِـیْ اَنَّ هٰـذَا اِیْمَـاءٌ - اِلٰـی اَنَّ

بروپوشیدہ نخواہد ماند وریں امر ہیچ نزاعے دامن اونخواہد گرفت کہ ایں اشتراک دومعنی کہ درلفظ نُسک موجود پوشیدہ نہیں رہے گا اوراس امر میں کسی قسم کی نزاع اس کے دامن کونہیں پکڑے گی کہ یہ دومعنوں کا اشتراک کہ جونسک کے

﴿۵﴾ الْـعِبَـادَةَ الْمُنْجِیَةَ مِنَ الْخَسَارَةِ - هِـیَ ذَبْحُ النَّفْسِ

است سوئے ایں راز اشارہ است کہ پرستشے کہ از خسران آخرت نجات دہد آں کشتن نفس امارہ است کہ برائے بدی لفظ میں پایا جاتا ہے اس بھید کی طرف اشارہ ہے کہ وہ عبادت جوآخرت کے خسارہ سے نجات دیتی ہے وہ اس نفس امارہ کا

الْاَمَّـارَةِ - وَنَـحْـرُهَـا بِـمُـدَی الْاِنْـقِـطَـاعِ اِلَی اللّٰـهِ

وبدکاری بسیار دربسیار جوش ہا میدارد و حاکے است بسیار بدفرما پس نجات دریں است کہ ایں بدفرمارا ذبح کرنا ہے کہ جو بُرے کاموں کیلئے زیادہ سے زیادہ جوش رکھتا ہے اور ایسا حاکم ہے کہ ہروقت بدی کا حکم دیتا رہتا ہے

ذِی الْاٰلَاءِ وَالْاَمْـرِ وَالْاِمَـارَةِ - مَـعَ تَـحَـمُّـلِ اَنْوَاعِ

بکاردہائے بریدن ازخلق وآرمیدن بحق ذبح کنند وازوسوئے خدائے بگریزند کہ حکومت حقیقی وفرمان روائی بدست قبضۂ قدرت پس نجات اس میں ہے کہ اس بُرا حکم دینے والے کو انقطاع الی اللہ کے کاردوں سے ذبح کردیا جائے اور خلقت سے قطع تعلق کر کے

الْـمَـرَارَةِ - لِتَـنْـجُـوَ الـنَّـفْـسُ مِنْ مَوْتِ الْغَرَارَةِ - وَ

اوست و با ایں ہمہ از بہر ایں کارگو ناگون تلخی ہارا باید برداشت تانفس ازموت غفلت نجات یابد و خدا تعالیٰ کو اپنا مونس اور آرام جان قرار دیا جائے اور اسکے ساتھ انواع اقسام کی تلخیوں کی برداشت بھی کی جائے تانفس غفلت

هٰـذَا هُـوَ مَـعْنَی الْاِسْلَامِ - وَحَـقِـیْـقَـةُ الْاِنْقِیَـادِ التَّـامِّ -

ہمیں است معنی اسلام وہمین ست حقیقت اطاعت کاملہ

کی موت سے نجات پاوے اور یہی اسلام کے معنے ہیں اور یہی کامل اطاعت کی حقیقت ہے

وَالْـمُـسْـلِـمُ مَـنْ اَسْـلَـمَ وَجْـهَـهٗ لِلّٰـهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ - وَ

ومسلمان آنکس است کہ برائے خدا تعالیٰ گردن خود ازبہر ذبح شدن نہادہ باشد و

اور مسلمان وہ ہے جس نے اپنا منہ ذبح ہونے کیلئے خدا تعالیٰ کے آگے رکھ دیا ہو۔ اور

لَهٗ نَحَرَ نَاقَةَ نَفْسِهٖ وَتَلَّهَا لِلْجَبِيْنِ - وَمَا نَسِيَ الْحَيْنَ

شتر مادہ نفس را کشتہ واز بہر ذبح بر پیشانی فگندہ وہیچ وقتے موت خودرا

اپنے نفس کی اونٹنی کو اس کے لئے قربان کر دیا ہو اور ذبح کے لئے پیشانی کے بل اسکو گرا دیا ہو اور موت سے

فِيْ حِيْنٍ - فَحَاصِلُ الْكَلَامِ اَنَّ النُّسُكَ وَالضَّحَايَا

فراموش نہ کردہ پس خلاصہ کلام این است کہ ذبیحہ وقربانی ہا کہ در اسلام مرّوج اند

ایک دم غافل نہ ہو پس حاصل کلام یہ ہے کہ ذبیحہ اور قربانیاں جو اسلام میں مرّوج ہیں

فِي الْاِسْلَامِ - هِيَ تَذْكِرَةٌ لِّهٰذَا الْمَرَامِ - وَحث ﴿۶﴾

آں ہمہ از بہر ہمیں مقصود کہ بذل نفس است یاد دہانی است و

وہ سب اسی مقصود کے لئے جو بذل نفس ہے بطور یاد دہانی ہیں اور

عَلٰى تَحْصِيْلِ هٰذَا الْمَقَامِ - وَاِرْهَاصٌ لِحَقِيْقَةٍ تَحْصُلُ

برائے حاصل کردن ہمیں مقام ترغیب وتحریص است وبرائے ہمیں حقیقت کہ پس از سلوک تام

اس مقام کے حاصل کرنے کے لئے ایک ترغیب ہے اور اس حقیقت کے لئے جو سلوک تام کے بعد

بَعْدَ السُّلُوْكِ التَّامِّ - فَوَجَبَ عَلٰى كُلِّ مُؤْمِنٍ وَّ

میسر مے شود ارہاص است یعنی نشان چیزے پیش از ظہور چیزے پس بر ہر مرد مومن و

حاصل ہوتی ہے ایک ارہاص ہے ۔ پس ہر ایک مرد مومن اور

مُؤْمِنَةٍ كَانَ يَبْتَغِيْ رِضَاءَ اللّٰهِ الْوَدُوْدِ - اَنْ

زن مومنہ کہ طالب رضائے خدائے ودود باشد واجب است کہ

عورت مومنہ پر جو خدائے ودود کی رضا کی طالب ہے واجب ہے کہ

يَّفْهَمَ هٰذِهِ الْحَقِيْقَةَ وَيَجْعَلَهَا عَيْنَ الْمَقْصُوْدِ -

ایں حقیقت را بفہمد وایں را عین مقصود خود بگرداند

اس حقیقت کو سمجھے اور اس کو اپنے مقصود کا عین قرار دے

وَيُدْخِلَهَا فِيْ نَفْسِهٖ حَتّٰى تَسْرِيَ فِيْ كُلِّ ذَرَّةِ الْوَجُوْدِ -

ودرنفس خود ایں حقیقت را درآرد تا آنکہ در ہر ذرّہ وجود سرایت کند

اوراس حقیقت کواپنے نفس کے اندر داخل کرے یہاں تک کہ وہ حقیقت ہر ذرّہ وجود میں داخل ہو جائے۔

وَلَا يَهْدَءُ وَلَا يَسْكُنُ قَبْلَ اَدَاءِ هٰذِهِ الضَّحِيَّةِ

و راحت و آرام اختیار نہ کند تا بوقتے کہ ایں قربانی را برائے ربّ معبود خود

اور راحت اور آرام اختیار نہ کرے جب تک کہ اس قربانی کو اپنے رب معبود کے لئے

لِلرَّبِّ الْمَعْبُوْدِ - وَلَا يَقْنَعُ بِنَمُوْذَجٍ وَقِشْرٍ

نگذارد وہمچو ناداناں و جاہلاں محض برنمونہ و پوست

ادانہ کرلے۔ اور جاہلوں اور نادانوں کی طرح صرف نمونہ اور پوست بے مغز

كَالْجُهَلَاءِ وَالْعُمْيَانِ - بَلْ يُؤَدِّيْ حَقِيْقَةَ ﴿۷﴾

قناعت نہ ورزد بلکہ باید کہ حقیقت قربانی خود را

پر قناعت نہ کر بیٹھے بلکہ چاہیے کہ اپنی قربانی کی حقیقت

اَضْحَاتِهٖ - وَيَقْضِيْ بِجَمِيْعِ حَصَاتِهٖ - وَرُوْحِ تُقَاتِهٖ

بگذارد۔ و بہ تمام عقل خود و روح پرہیزگاری خود

کو بجالاوے اور اپنی ساری عقل کے ساتھ اور اپنی پرہیزگاری کی روح سے

رُوْحَ الْقُرْبَانِ - هٰذَا هُوَ مُنْتَهٰى سُلُوْكِ السَّالِكِيْنَ -

روح قربانی رااداکند ایں آں درجہ است کہ براں سلوک سالکاں انتہا پذیری شود

قربانی کی روح کوادا کرے۔ یہ وہ درجہ ہے جس پر سالکوں کا سلوک انتہا پذیر ہوتا ہے

وَغَايَةُ مَقْصَدِ الْعَارِفِيْنَ - وَعَلَيْهِ يَخْتَتِمُ جَمِيْعُ

ومقصد عارفاں بغایت مطلوب می رسد - و بریں ختم می شوند درجہ ہائے

اور عارفوں کا مقصد اپنی غایت کو پہنچتا ہے - اوراس پر تمام درجے پرہیزگاروں کے

مَدَارِجِ الْاَ تْقِيَاءِ - وَبِهٖ يَكْمُلُ سَائِرُ مَرَاحِلِ الصِّدِّيْقِيْنَ

پرہیزگاران ۔ وبدیں کامل مے شوند منزلہائے راستبازاں و برگزیدگان
ختم ہو جاتے ہیں اور سب منزلیں راستبازوں اور برگزیدوں کی

وَالْاَصْفِيَاءِ - وَاِلَيْهِ يَنْتَهِىْ سَيْرُ الْاَوْلِيَاءِ - وَاِذَا

وہمین است کہ منتہائے سیر اولیاء است ۔ و چوں
پوری ہو جاتی ہیں اور یہاں تک پہنچ کر سیر اولیاء کا اپنے انتہائی نقطہ تک جا پہنچتا ہے اور جب

بَلَغْتَ اِلٰى هٰذَا فَقَدْ بَلَّغْتَ جُهْدَكَ اِلَى الْاِنْتِهَاءِ -

تا ایں مقام برسیدی پس کوشش خود را بدرجہ انتہا رسانیدی
تو اس مقام تک پہنچ گیا تو تونے اپنی کوشش کو انتہا تک پہنچا دیا

وَفُزْتَ بِمَرْتَبَةِ الْفَنَاءِ - فَحِيْنَئِذٍ تَصِلُ شَجَرَةُ

وبمرتبۂ فنا فائز شدی ۔ پس دریں وقت درخت سلوک تو
اور فنا کے مرتبہ تک پہنچ گیا ۔ پس اس وقت تیرے سلوک کا درخت

سُلُوْكِكَ اِلٰى اَتَمِّ النَّمَاءِ - وَتَبْلُغُ عُنُقُ رُوْحِكَ ﴿۸﴾

درگوالیدن خود بآں درجہ نشو ونما خواہد رسید کہ درجۂ کاملہ است وگردن روح تو
اپنے کامل نشو ونما تک پہنچ جائے گا اور تیری رُوح کی گردن

اِلٰى لُعَاعِ رَوْضَةِ الْقُدْسِ وَالْكِبْرِيَاءِ - كَالنَّاقَةِ

تا سبزہ نرم روضہ قدس و بزرگی منتہی خواہد شد ۔ و آں شتر مادہ
تقدس اور بزرگی کے مرغزار کے نرم سبزہ تک پہنچ جائے گی ۔ اُس اونٹنی کی مانند

الْعَنْقَاءِ - اِذَا اَوْصَلَتْ عُنُقَهَا اِلَى الشَّجَرَةِ الْخَضْرَاءِ -

را بماند کہ گردن او دراز باشد و او گردن خود را تا درختِ سبز رسانیدہ باشد
جس کی گردن لمبی ہو اور اُس نے اپنی گردن کو ایک سبز درخت تک پہنچ دیا ہو

وَبَعْدَ ذَالِکَ جَذَبَاتٌ وَنَفَحَاتٌ وَتَجَلِّيَاتٌ مِنَ

و بعد زیں جذبہ ہا ہستند و دمیدن خوشبوہا و تجلّیات از

اور اس کے بعد حضرت احدیت کے جذبات ہیں اور خوشبوئیں ہیں اور تجلّیات ہیں

الْحَضْرَةِ الْاَحْدِيَّةِ - لِيَقْطَعَ بَعْضَ بَقَايَا عُرُوْقِ

حضرت احدیت تا بعض رگ ہائے بشریت را کہ باقی ماندہ باشند

تا وہ بعض ان رگوں کو کاٹ دے کہ جو بشریت میں سے باقی

الْبَشَرِيَّةِ - وَبَعْدَ ذَالِکَ اِحْيَاءٌ وَاِبْقَاءٌ وَاِدْنَاءٌ

منقطع کند۔ و بعد زیں زندہ کردن است و باقی داشتن و قریب کردن

رہ گئی ہوں اور بعد اس کے زندہ کرنا ہے اور باقی رکھنا اور قریب کرنا

لِلنَّفْسِ الْمُطْمَئِنَّةِ الرَّاضِيَةِ الْمَرْضِيَّةِ الْفَانِيَةِ -

مر نفس مطمئنہ را کہ او از خدا راضی و خدا از و راضی است و بمرتبہ فنا رسیدہ است

اس نفس کا جو خدا کے ساتھ آرام پکڑ چکا ہے جو خدا سے راضی اور خدا اس سے راضی اور فنا شدہ ہے

لِيَسْتَعِدَّ الْعَبْدُ لِقَبُوْلِ الْفَيْضِ بَعْدَ الْحَيَاتِ الثَّانِيَةِ -

تا کہ بندہ بعد از حیاتِ ثانی قبول فیض را مستعد گردد

تا کہ یہ بندہ حیاتِ ثانی کے بعد قبول فیض کے لئے مستعد ہو جائے

وَبَعْدَذَالِکَ يُكْسَى الْاِنْسَانُ الْكَامِلُ حُلَّةَ الْخِلَافَةِ

و بعد زیں درجہ بقا پوشانیدہ مے شود انسان کامل حُلّہ خلافت را

اور اس کے بعد انسان کامل کو حضرتِ احدیت کی طرف سے خلافت کا پیرایہ پہنایا

مِنَ الْحَضْرَةِ - وَيُصَبَّغُ بِصِبْغِ صِفَاتِ الْاُلُوْهِيَّةِ -

از حضرت عزت جلّ شانہٗ ورنگین کردہ مے شود برنگ صفاتِ الوہیت

جاتا ہے اور رنگ دیا جاتا ہے الوہیت کی صفتوں کے ساتھ۔ اور یہ رنگ

﴿۹﴾

عَلٰی وَجْهِ الظِّلِّيَّةِ - تَحْقِيْقًا لِّمَقَامِ الْخِلَافَةِ - وَبَعْدَ

بر طریق ظلّیت تا مرتبۂ خلافت متحقق گردد۔ وپس
ظلی طور پر ہوتا ہے تا مقام خلافت متحقق ہو جائے اور پھر

ذَالِکَ يَنْزِلُ اِلَى الْخَلْقِ لِيَجْذِبَهُمْ اِلَى الرُّوْحَانِيَّةِ -

زیں فرود می آید سوئے مخلوق تااوشاں را سوئے روحانیت بکشد
اس کے بعد خلقت کی طرف اترتا ہے تا اُن کو روحانیت کی طرف کھینچے

وَيُخْرِجَهُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ الْاَرْضِيَّةِ - اِلَى الْاَنْوَارِ

و تا اوشاں را از تاریکی ہائے زمینی بیروں آوردہ سوئے نورہائے آسمانی
اور زمین کی تاریکیوں سے باہر لاکر آسمانی نوروں کی طرف

السَّمَاوِيَّةِ - وَيُجْعَلُ وَارِثًا لِكُلِّ مَنْ مَّضٰى مِنْ

ببرد ۔ و ایں انسان وارث کردہ می شود ہمہ آں کسان را
لے جائے اور یہ انسان اُن سب کا وارث کیا جاتا ہے

قَبْلِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَاَهْلِ الْعِلْمِ

کہ پیش ز و گذشتہ انداز انبیاء و صدّیقان و اہل علم
جو نبیوں اور صدیقوں اور اہل علم

وَالدِّرَايَةِ - وَشُمُوْسِ الْقُرْبِ وَالْوَلَايَةِ - وَيُعْطٰى

و درایت ۔ وآفتاب ہائے قرب و ولایت ۔ و دادہ می شود
اوردرایت میں سے اور قرب اورولایت کےسورجوں میں سےاس سے پہلے

لَهٗ عِلْمُ الْاَوَّلِيْنَ - وَمَعَارِفُ السَّابِقِيْنَ - مِنْ

او را علم اوّلین و معرفت ہائے سابقین از
گذر چکے ہیں اور دیا جاتا ہے اس کوعلم اوّلین کا اور معارف گذشتہ

﴿۱۰﴾

اُولِی الْاَبْصَارِ وَحُکَمَاءِ الْمِلَّةِ - تَحْقِیْقًا لِمَقَامِ الْوَرَاثَةِ -

صاحبان چشم وحکیمان ملّت تا ثابت شود کہ او وارث اوشان است

اہل بصیرت اور حکماء ملّت کے تا اس کے لئے مقام وراثت کا متحقق ہو جائے

ثُمَّ یَمْکُثُ ھٰذَا الْعَبْدُ فِی الْاَرْضِ اِلٰی مُدَّةٍ شَاءَ

بعدزاں ایں بندہ برزمین توقف مے کند تا مدتے کہ خدا تعالیٰ

پھر یہ بندہ زمین پر ایک مدت تک جو اُس کے رب کے

رَبُّهٗ رَبُّ الْعِزَّةِ - لِیُنِیْرَ الْخَلْقَ بِنُوْرِ الْھِدَایَةِ - وَ

خواستہ است تا کہ مخلوق را بنور ہدایت منور گرداند و

ارادہ میں ہے توقف کرتا ہے تا کہ مخلوق کو نور ہدایت کے ساتھ منور کرے اور

اِذَا اَنَارَ النَّاسَ بِنُوْرِ رَبِّهٖ اَوْ بَلَّغَ الْاَمْرَ بِقَدَرِ الْکِفَایَةِ

چوں مردم را بنور پروردگار خود منور کرد یا امر را بقدر کفایت تبلیغ فرمود

جب خلقت کو اپنے رب کے نور کے ساتھ روشن کر چکا یا امر تبلیغ کو بقدر کفایت پورا کر دیا

فَحِیْنَئِذٍ یَتِمُّ اسْمُهٗ وَیَدْعُوْهُ رَبُّهٗ وَیُرْفَعُ رُوْحُهٗ

پس دریں وقت نام او تمام مے شود و می خواند او را خدائے او و روح او سوئے

پس اُس وقت اس کا نام پورا ہو جاتا ہے اور اس کا رب اس کو بلاتا ہے اور اس کی روح اُس کے

اِلٰی نُقْطَتِهِ النَّفْسِیَّةِ - وَھٰذَا ھُوَ مَعْنَی الرَّفْعِ

نقطہ او کہ نفسی است برداشتہ میشود و ہمیں است معنی رفع

نقطہ نفسی کی طرف اُٹھائی جاتی ہے اور یہی رفع کے معنے ہیں اُن کے نزدیک

عِنْدَ اَھْلِ الْعِلْمِ وَالْمَعْرِفَةِ - وَالْمَرْفُوْعُ مَنْ یُّسْقٰی

نزد اہل علم و معرفت ۔ و کسے کہ رفع او سوئے خدا گردید

جو اہل علم اور معرفت ہیں اور مرفوع وہ ہے جس کو اُس محبوب

﴿۱۱﴾

كَاْسُ الوِصَالِ - مِنْ اَيْدِى الْمَحْبُوْبِ الَّذِىْ هُوَ لُجَّةُ

اورا جام وصال آں محبوب حقیقی مے نوشانند کہ دریائے حسن و جمال

کے ہاتھ سے جام وصال پلایا جاتا ہے جوحسن و جمال کا دریا

الْجَمَالِ - وَيُدْخَلُ تَحْتَ رِدَاءِ الرُّبُوْبِيَّةِ - مَعَ

است۔ و داخل کردہ مے شود زیر چادر ربوبیّت با آنکہ

ہے۔ اور ربوبیت کی چادر کے نیچے داخل کیا جاتا ہے باوجود اس بات کے

الْعُبُوْدِيَّةِ الْاَبَدِيَّةِ - وَهٰذَا اٰخِرُ مَقَامٍ يَبْلُغُهُ

عبودیت او بطور ابدی مے ماند و ایں آں آخر مقام است

کہ عبودیت ابدی طور پر رہتی ہے اور یہ وہ آخری مقام ہے

طَالِبُ الْحَقِّ فِى النَّشْأَةِ الْاِنْسَانِيَّةِ - فَلَا تَغْفُلُوْا

کہ طالب حق در پیدائش انسانی او را می یابد۔ پس ازیں مقام

جس تک ایک حق کا طالب انسانی پیدائش میں پہنچ سکتا ہے پس اس مقام سے

عَنْ هٰذَا الْمَقَامِ يَا كَافَّةَ الْبَرَايَا - وَلَا عَنِ السِّرِّ

غافل مشوید اے گروہ مخلوق۔ و نہ ازاں راز غافل شوید

غافل مت ہو اے مخلوق کے گروہ اور نہ اس بھید سے غافل ہو

الَّذِىْ يُوْجَدُ فِى الضَّحَايَا - وَاجْعَلُوا الضَّحَايَا -

کہ در قربانی ہا یافتہ مے شود۔ و قربانی ہا را

جو قربانیوں میں پایا جاتا ہے۔ اور قربانیوں کو

لِرُؤْيَةِ تِلْكَ الْحَقِيْقَةِ كَالْمَرَايَا - وَلَا تَذْهَلُوْا

برائے دیدن ایں حقیقت آئینہ ہا بگردانید و ایں وصیت را

اس حقیقت کے دیکھنے کے لئے آئینوں کی طرح بنا دو اور ان وصیتوں

عَنْ هٰذِهِ الْوَصَايَا - وَ لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوْا

فراموش نکنید و ہمچو آں مردم مشوید کہ

کومت بھلاؤ اوران لوگوں کی طرح مت ہو جاؤ جنہوں نے

رَبَّهُمْ وَالْمَنَايَا - وَقَدْ اُشِيْرَ اِلٰى هٰذَا السِّرِّ

خدائے خودرا و موت خود را فراموش کردہ اند ۔و بہ تحقیق اشارۃ کردہ شدہ است

اپنے خدا اور اپنی موت کو بھلا رکھا ہے اور اس پوشیدہ بھید کی طرف

اَلْمَكْتُوْمِ - فِيْ كَلَامِ رَبِّنَا الْقَيُّوْمِ - فَقَالَ وَهُوَ ﴿۱۲﴾

درکلام خدائے قیوم سوئے ایں راز پوشیدہ ۔ پس اوتعالیٰ گفت و او

خدا تعالیٰ کی کلام میں اشارت کی گئی ہے ۔ چنانچہ خدا جو

اَصْدَقُ الصَّادِقِيْنَ - قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ

اصدق الصادقین است کہ بگو کہ بہ تحقیق نماز من وعبادت من وقربانی من

اصدق الصادقین ہے اپنے رسول کو فرماتا ہے کہ ان لوگوں کو کہہ دے کہ میری نماز اور میری عبادت

وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ[1] - فَانْظُرْ

وزندگی من ومُردن من برائے خدائے ربّ عالمیان است ۔ پس بہ بیں

اور میری قربانی اور میری زندگی اور میری موت سب اس خدا کیلئے ہے جو پروردگار عالمیاں ہے پس دیکھ

كَيْفَ فَسَّرَ النُّسُكَ بِلَفْظِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ -

کہ چگونہ لفظ نُسُک را بلفظ محیا و ممات تفسیر کردہ

کہ کیونکر نُسُک کے لفظ کی حیات اور ممات کے لفظ سے تفسیر کی ہے

وَاَشَارَ بِهٖ اِلٰى حَقِيْقَةِ الْاَضْحَاةِ - فَفَكِّرُوْا فِيْهِ

وبدیں تفسیر سوئے حقیقتِ قربانی اشارت نمودہ ۔ پس دریں نکتہ بیندیشید

اور اس تفسیر سے قربانی کی حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے پس اے عقلمندو!

[1] الانعام:۱۶۳

يَاذَوِى الْحَصَاةِ - وَمَنْ ضَحّٰى مَعَ عِلْمِ حَقِيْقَةِ

اے صاحبان عقل۔ وہرکہ قربانی کرد و او راعلم ایں امر بود کہ حقیقت ایں
اس میں غور کرو اور جس نے اپنی قربانی کی حقیقت کو معلوم کر کے قربانی ادا کی

ضَحِيَّتِهٖ - وَصِدْقِ طَوِيَّتِهٖ - وَخُلُوْصِ نِيَّتِهٖ -

قربانی چیست وصدق دل وخلوص نیت می داشت
اور صدق دل اور خلوص نیت کے ساتھ ادا کی

فَقَدْ ضَحّٰى بِنَفْسِهٖ وَمُهْجَتِهٖ - وَاَبْنَاءِهٖ وَحَفَدَتِهٖ -

پس بہ تحقیق او قربانی جان خود و فرزندان خود کردہ است
پس بہ تحقیق اس نے اپنی جان اور اپنے بیٹوں اور اپنے پوتوں کی قربانی کر دی

﴿۱۳﴾ وَلَهٗ اَجرٌ عظيم - كَأجر ابراهيم عند ربّه

و مر او را اجرے است بزرگ۔ ہمچو اجر ابراہیم نزد رب کریم
اور اس کے لئے اجر بزرگ ہے جیسا کہ ابراہیم کے لئے اس کے رب کے نزدیک اجر تھا

الكريم - واليه اشار سَيّدنا المصطفٰى - و

وسوئے ایں اشارۃ کردہ است سردار ما کہ برگزیدہ است و
اور اسی کی طرف ہمارے سید برگزیدہ اور رسول برگزیدہ نے

رسولنا المجتبٰى - وامام المتقين - وخاتم

رسول ما کہ چیدہ است وامام پرہیزگاراں وخاتم الانبیاء
جو پرہیزگاروں کا امام اور انبیاء کا خاتم ہے

النبيين - وقال وهو بعد اللّٰه اصدق الصادقين -

ست وفرمود و او بعد از خدا صادق ترین صادقان است
اشارہ کیا اور فرمایا اور وہ خدا کے بعد سب سچوں سے زیادہ تر سچا ہے

انّ الضحَایا هی المطایا - توصل الی رَبّ البرایا -

بہ تحقیق قربانی ہا کہ ہستند ہماں سواری ہا ہستند کہ سوئے خدا تعالیٰ می برند
بہ تحقیق قربانیاں وہی سواریاں ہیں کہ جو خدا تعالیٰ تک پہنچاتی ہیں

وتمحوالخطایا - وتدفع البلایا - هٰذا ما بلغنا

وخطاہا را محومی کنند وبلاہا را دفع می کنند ۔ ایں آں امر است کہ از
اور خطاؤں کومحوکرتی ہیں اور بلاؤں کودورکرتی ہیں یہ وہ باتیں ہیں جوہمیں پیغمبر خدا

من خیر البریة - علیه صلواة اللّٰه والبرکات

بہترین مخلوق یعنی پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم بما رسیدہ است ۔ برو درود خدا و برکات
صلی اللہ علیہ وسلم سے پہنچیں جو سب مخلوق سے بہتر ہیں ان پر خدا تعالیٰ کا سلام اور برکتیں ہوں

السنیّة - وانّهٗ أومأ فیه الٰی حِکم الضحیّة -

بزرگ باد و بہ تحقیق او اشارہ کردہ است دریں حدیث سوئے حکمت ہائے قربانی
اورآنجناب نے ان کلمات میں قربانیوں کی حکمتوں کی طرف فصیح کلموں کے ساتھ

﴿۱۴﴾ بکلماتٍ کَالدرر البهیّة - فالأسف کلّ الأسف

بہ سخنانے کہ ہمچو درہائے روشن ہستند پس افسوس و کمال افسوس است
جوموتیوں کی مانند ہیں اشارہ فرمایا ہے پس افسوس اورکمال افسوس ہے کہ

انّ اکثر الناس لایعلمون هٰذه النکات الخفیّة -

کہ اکثر مردم ایں نکتہ ہائے باریک را نہ مے دانند
اکثر لوگ ان پوشیدہ نکتوں کو نہیں سمجھتے

ولا یتّبعُون هٰذه الوصیّة - ولیس عندهم

و پیروی ایں وصیت نہ مے کنند۔ و نزد ایشاں
اور اس وصیت کی پیروی نہیں کرتے اور ان کے نزدیک

معنی العید - من دون الغسل ولبس الجدید -

معنی عید بیش زیں نیست کہ خویشتن را بشویند وپوشاک نو بپوشند
عید کے معنے بجز اس کے اور کچھ نہیں کہ غسل کریں اور نئے کپڑیں پہنیں

والخضم و القضم مع الاهل والخدم والعبید -

وایں کہ طعام رابہمہ دہاں وکرانہ ہائے دنداں بخایند با اہل خانہ خود ونوکراں وغلاماں
اور طعام کو سارے مونہہ کے ساتھ اور دانتوں کے کناروں سے چباویں۔ خود اور ان کے اہل وعیال اور

ثم الخروج بالزینة للتعیید کالصنادید - و

باز بہ آرایش و زینت تمام برائے نماز عید بروں آمدن ہمچو مہتران و
نوکر اور غلام۔ اور پھر آرائش کے ساتھ نماز عید کیلئے باہر نکلیں جیسے بڑے رئیس ہوتے ہیں اور

تری الأطائب من الأطعمة منتهٰی طربهم فی

خواہی دید کہ خوشترین طعام ہا دریں روز غایت خوشی ایشان است
تو دیکھے گا کہ اچھے کھانوں میں اس دن ان کی سب سے بڑھ کر خوشی ہے

هٰذا الیوم - والنفائس من الالبسة غایة

ونفیس ترین لباس ہا غایت حاجت ایشاں است
اور ایسا ہی اچھی اور نفیس پوشاکوں میں انتہائی مرتبہ ان کی حاجتوں

اربهم لآرائة القوم - ولا یدرون ماالاضحاة - ﴿۱۵﴾

تا قوم را نمایند و نہ می دانند کہ قربانی چیست
کا ہے تا قوم کو دکھلائیں اور نہیں جانتے کہ قربانی کیا چیز ہے۔

ولایّ غرضٍ یُذبح الغنم والبقرات - و

واز برائے کدام غرض گوسپنداں و گاواں ذبح می کنند ۔ و
اور کس غرض کے لئے بکریاں اور گائیاں ذبح کی جاتی ہیں۔ اور

عندهم عيد هم من البكرة الى العشيّ - ليس الا

نزد ایشاں عیدایشاں از با مداد تا شب جزیں نیست کہ

ان کے نزدیک ان کی عید فجر سے لے کر عشاء کے وقت تک محض اس لئے ہے کہ

للاكل والشرب والعيش الهنيّ - واللباس البهيّ-

خوردہ شود و نوشیدہ شود و درعیش خوشگوار گذرانیدہ شود و نیز لباس خوش پوشیدن

خوب کھایا جائے اور پیا جائے اور عیش خوشگوار کیا جائے اور عمدہ لباس پہنا جائے

والفرس الشريّ - واللحم الطريّ - وما ترىٰ

وبراسپ جہندہ سوار شدن وگوشت تازہ خوردن ودریں روز شاں

اور چالاک گھوڑوں پر سواری کی جائے اور گوشت تازہ کھایا جائے اور اس دن ان کا کام بجز

عملهم في يومهم هٰذا الا اكتساء الناعمات -

کارشاں جزیں نخواہی دید کہ پارچات نرم بپوشند

اس کے تو نہیں دیکھے گا کہ نرم اور ملائم کپڑے پہنیں

والمشط والاكتحال وتضميخ الملبوسات -

وشانہ کنند و سرمہ درچشم کشند و بر لباس ہائے خود عطر بمالند

اور بالوں کو کنگھی کریں اور آنکھوں کو سرمہ لگائیں اور پوشاک پر عطر ملیں۔

وتسوية الطرر والذوائب كالنساء المتبرجات -

وطُرّہ ہائے مو و گیسو ہا را ہمچو زنان زینت کنندہ آراستہ کنند

اور اپنے طرے اور زلفیں خوب صاف کریں جیسا کہ زینت کرنے والی عورتیں کیا کرتی ہیں

﴿۱۶﴾ ثم نقراتٍ كنقرة الدجاجة فّي الصلوٰة - مع

باز چند دفعہ منقار زدن درنماز ہمچو ما کیاں کہ برائے دانہ چیدن منقار می زند و با ایں ہمہ

اور پھر مرغی کی طرح جو دانہ پر منقار مارتی ہے چند دفعہ نماز کیلئے حرکت کریں ایسی حرکت جو اس کے ساتھ

عدم الحضور وهجوم الوساوس والشتات - ثم

ہیچ حضوری درنماز نہ مے باشد ووسوسہ ہا گردمی آیند و پراگندگی زورمی کند۔ باز ایں کار است

کچھ بھی حصہ حضور نہ ہو اور وسوسے بکثرت ہوں اور دل میں پراگندگی ہو پھر

التمايل الٰى انواع الاغذية والمطعومات - و

کہ سوئے انواع اقسام غذاہا و طعام ہا میل می نمایند و

طرح طرح کی غذاؤں کی طرف جھک جائیں اور طرح طرح کے کھانوں کی طرف اور

ملأ البطون بالوان النعم كالنعم والعجماوات -

ازاں طعام ہا شکم ہا ہمچو حیوانات وچارپایاں پُر مے کنند

چارپایوں کی طرح طرح طرح کی نعمتوں سے پیٹ بھرلیں

والميل الى الملاهى والملاعب والجهلات -

وسوئے لہو و بازی و کارہائے جہالت میل دل شاں می شود

اور لہو اور لعب کی طرف میل کریں اور باطل کاموں کی طرف متوجہ ہوں

وسرح النفوس فى مراتع الشهوات - والركوب

و نفس ہائے خود را در چراگاہ ہائے شہوات می گذرانند و سوارشدن

اور شہوات کی چراگاہوں میں اپنے نفسوں کو چھوڑ دیں اور گھوڑوں پر

على الافراس - والعجل والعناس - والجمال

براسپاں و یکہ ہا وماده شتران مضبوط و شتران نر وخچر ہا

اور یکوں پر اور اونٹوں پر اور اونٹنیوں پر

والبغال ورقاب الناس - مع انواعٍ من

وگردن ہائے مردم با قسم ہا از

اور خچروں پر اور لوگوں کی گردنوں پر سواری کریں کئی قسم کی

التزيينات - وافناء اليوم كله فى الخزعبيلات -

زینت ہا و سپرد کردن ہمہ روز در کارہائے باطلہ

زینتوں کے ساتھ اور تمام دن بیہودہ باتوں میں ضائع کرنے میں

والهدايا من القلايا - والتفاخر بلحوم البقرات ﴿۱۷﴾

و ہدیہ ہا از گوشت ہا و فخر کردن بگوشت ہائے گاواں

اور ایک دوسرے کو گوشت بھیجنے کا تحفہ اور باہم فخر کرنا گائے کے گوشت

والجدايا - والافراح والمراح والجذبات

و گوسپنداں و خوشی ہا وانواع شادی و جذبہ ہائے نفس

اور بکروں کے گوشت کے ساتھ۔ اور خوشیاں اور رنگارنگ کی شادیاں اور نفس کی کششیں

والجماح - والضحک والقهقهة بابداء النواجذ

و سرکشی و خندہ و قہقہہ بظاہر کردن دندان پسین

